۳۶۳......سیف الدولۃ: اپنے زمانہ کا بادشاہ ہے۔ اور متنبّی کا ممدوح ہے۔
اس شعر میں متنبّی نے اپنی تعریف کی اور دوسروں کی ہجو کی، اس طرح کہ میرے علاوہ کوئی شاعر نہیں۔ پھر بڑے لطیف انداز میں اپنے مقصد کی طرف آئے ہیں، اور کلام کو پہلے ہی قالب میں ڈھال کر کہا کہ: اسی طرح سیوف بہت ہیں لیکن سیف الدولہ صرف ایک ہی ہے۔ اسی حسن اسلوبی سے مقصد کی طرف منتقل ہونے کو ''حسن تخلص'' کہتے ہیں۔

۳۶۴......جدیر: لائق۔ بالندی: یہ جدیر کے متعلق ہے۔ ندی: تری، بخشش، نرمی اور شبنم۔ املت: امل

تو اگر آپ مجھے اپنے احسان کا مالک بنائیں تو آپ اس کے اہل ہیں۔اور اگر نہ دیں تو میں آپ کو معذور سمجھنے والا اور مشکور ہوں۔

اور جب کلام ایسے الفاظ پر شامل ہو جو اتمام کی خبر دیتے ہوں تو اس کا حسن دوبالا ہو جائے گا،اور اس کو براعت مقطع کہتے ہیں۔۳۶۵ جیسے کہ اس کا قول:

میں اپنی حسین ابتداء سے نار جہنم سے چھٹکارا چاہتا ہوں اور یہ میرا احسن اختتام ہے۔۳۶۶

اَسْئِلَۃٌ

(۱):اُذْکُرْ اَنْوَاعَ الْمُحَسَّنَاتِ اللَّفْظِیَّۃِ ؟(۲):مَاھُوَ الْجَنَاسُ؟(۳):مَاالْفَرْقُ بَیْنَ الْجَنَاسِ التَّامِّ وَغَیْرِ التَّامِّ؟(۴):مَاھُوَ السَّجْعُ؟(۵):مَاھُوَ الْاِقْتِبَاسُ؟(۶):مَاھُوَ حُسْنُ الْاِبْتِدَاءِ؟(۷):مَاھُوَ حُسْنُ الْاِنْتِھَاءِ؟(۸):مَاالْفَرْقُ بَیْنَ بَرَاعَتِیَ الْاِسْتِھْلَالِ وَ الْمَقْطَعِ؟

(۱)......محسنات لفظیہ کے اقسام بیان کریں؟(۲)......جناس کی تعریف کریں؟ (۳)......جناس تام اور جناس غیر تام میں کیا فرق ہے؟(۴)......سجع کس کو کہتے ہیں؟ (۵)......اقتباس کی تعریف کریں؟(۶)......حسن ابتداء کی تعریف کریں؟(۷)......حسن انتہاء کیا ہے؟(۸)......براعت استہلال اور براعت مقطع کے مابین کیا فرق ہے؟

سے امید رکھوں۔الجمیل :خوبصورت۔احسان کی چیز۔شکور فعول کے وزن پر مبالغہ کا صیغہ ہے بمعنی: بہت شکر گزار۔

اس شعر میں اپنا مدعی بیان کرنے کے بعد''فانی عاذر و شکور'' کہہ کر کلام کو ختم کیا جارہا ہے،جو حسن اسلوبی اور شیریں کلامی پر مشتمل ہے۔اور یہ حسن انتہاء ہے۔

۳۶۵......براعۃ المقطع: کلام کے آخر میں کوئی ایسا لفظ ہو جو کلام کے انتہاء ہونے پر مشیر ہو تو اس کو براعت مقطع کہتے ہیں۔جیسے اردو میں فقط والسلام ہوتا ہے۔

۳۶۶......حسن مختتمی: یہ لفظ وضاحت کے ساتھ بتلا رہا ہے کہ اب کلام ختم ہو رہا ہے۔اس لئے یہ براعت مقطع ہے۔

بَیِّنْ اَنْوَاعَ الْمُحَسَّنَاتِ فِیْمَا یَأْتِیْ

اِنْ جِئْتَ سِلْعًا فَسَلْ عَنْ جِیْرَۃِ الْعَلَمِ (۱) وَقُلْ سَلَامٌ عَلٰی عَرَبٍ بِذِیْ سَلَمٍ

یُرِیْکَ یَسَارُھَا اَوْ فِیْ یَسَارٍ (۲) وَبِالْیُمْنٰی تَنَالُ نَدًی وَ یُمْنًا

عَضَّنَا الدَّھْرُ بِنَابِہٖ (۳) لَیْتَ مَا حَلَّ بِنَابِہٖ

کُلُّ مَنْ مَالَ اِلَیْہِ " خَامِلٌ لَیْسَ بِنَا بِہٖ

فَنَحْنُ فِیْ جَذْلٍ وَالرُّوْمُ فِیْ وَجَلٍ (۴) وَالْبَرُّ فِیْ شُغْلٍ وَالْبَحْرُ فِیْ خَجَلٍ

قَالُوْا الْحُمَیَّا شَرَابٌ (۵) لِلْاِنْسِ وَالْبَسْطِ جَاءَ تْ

فَقُلْتُ رَدًّا عَلَیْہِمْ " بِئْسَ الشَّرَابُ وَسَاءَ تْ

نَثَرَتْ عُقُوْدَ سَمَائِھَا الْاَنْدَاءُ (۶) بِیَدِ النَّسِیْمِ فَلِلثَّرٰی اِثْرَاءُ

اَلسَّیْفُ اَصْدَقُ اِنْبَاءً مِنَ الْکُتُبِ (۷) فِیْ حَدِّہِ الْحَدُّ بَیْنَ الْجِدِّ وَاللَّعِبِ

حُکْمُ الْمَنِیَّۃِ فِی الْبَرِیَّۃِ جَارٍ (۸) مَاھٰذِہِ الدُّنْیَا بِدَارِ قَرَارٍ

قَدْ شَرَّفَ اللّٰہُ اَرْضًا اَنْتَ سَاکِنُھَا (۹) وَشَرَّفَ النَّاسُ اِذْ سَوَّاکَ اِنْسَانًا

مندرجہ ذیل اشعار میں محسنات لفظیہ کے اقسام بیان کریں

(۱)......اگر آپ کا سلع پہاڑ کے پاس جانا ہوتو پہاڑ کے پڑوسیوں کے متعلق معلوم کرنا اور مقام ذی سلم کے عربوں کو سلام کہنا۔[۳۶۷]

(۲)......محبوبہ کا بایاں ہاتھ آپ کو بھر پور مالداری دکھلاتا ہے اور دائیں ہاتھ سے آپ

---

[۳۶۷]......سلعًا: مدینہ منورہ میں مشہور پہاڑ کا نام سلع ہے۔عَلَم: پہاڑ۔جیرۃ العلم: پہاڑ کے پڑوسی۔ پہاڑ کی وادی میں رہنے والے لوگ۔ذی سلم: یہ عرب کے ایک مقام کا نام ہے۔اس شعر میں علَم اور سَلَم کے مابین جناس ناقص ہے۔

سخاوت و برکت پائیں گے۔۳۶۸

(۳)......ہم کو زمانے نے اپنے دانتوں سے کاٹا، کاش کہ جو مصیبت ہم پر نازل ہوئی وہ اس (زمانہ) پر نازل ہوتی۔۳۶۹

ہر وہ آدمی جو اس کی طرف مائل ہوا وہ کمینہ ہے عقلمند نہیں ہے۔

(۴)......ہم خوشی میں ہیں اور اہل روم خوف میں ہیں، اور اہل ارض مشغولیت میں اور اہل بحر شرمندگی میں ہیں۔۳۷۰

(۵)......لوگوں نے کہا حمیا ایسی شراب ہے جو انسیت اور فرحت کے لئے آئی ہے۔۳۷۱

تو میں نے اس پر رد کرتے ہوئے کہا: یہ شراب بری ہے اور قبیح ہے۔

(۶)......شبنم نے اپنے آسمان کے ہاروں کو باد نسیم کے ساتھ بکھیر دیا تو ترمٹی کے لئے تری ہے۔۳۷۲

۳۶۸......یسار: بایاں ہاتھ، اور دوسرا یسار: یسر سے مشتق ہے: بمعنی مالداری، خوشحالی۔اوفی: اسم تفضیل کا صیغہ ہے: بمعنی پورا کرنا۔یمنی: دایاں ہاتھ۔اور دوسرے یمنیٰ کا معنی ہے: برکت۔اس شعر میں یسار اور یسار اور اسی طرح یمنیٰ اور یمنیٰ میں 'جناس تام' ہے۔

۳۶۹......عض: دانت سے کاٹنا۔ناب: دانت۔بنابہ: اس میں بنا الگ ہے اور بہ الگ ہے۔بنا: ہمارے ساتھ۔خامل: کمینہ، گمنام۔نابہ: نبہ سے اسم فاعل کا صیغہ: عقلمند۔اس شعر میں نابہ اور نابہ میں جناس تام ہے۔

۳۷۰......جذل: خوشی۔وجل: خوف۔خجل: شرمندگی۔اس شعر میں جذل، وجل اور خجل میں جناس ناقص ہے۔

۳۷۱......البسط: فرحت، کشادگی۔الحمیا: ایک قسم کی شراب کا نام ہے۔
اس شعر میں بئس الشراب وساء ت قرآن مجید کی آیت ہے۔جس کو شاعر نے اپنے کلام میں شامل کیا ہے۔اس لئے اس میں اقتباس ہے۔

۳۷۲......نشر ینشر نشرًا: ن: پھیلانا، بکھیرنا۔عقود: عِقد کی جمع ہے بمعنی ہار۔انداء: جمع ہے ندی کی بمعنی

(۷)......تلوار کتابوں سے زیادہ سچی خبر دینے والی ہے، اس کی دھار میں حقیقت اور مذاق کے درمیان حد فاصل ہے۔ ۳۷۳

(۸)......موت کا حکم مخلوق میں جاری ہے، یہ دنیا دار قرار نہیں ہے۔ ۳۷۴

(۹)......اللہ نے اس زمین کو شرف بخشا' جس میں آپ قیام پذیر ہیں اور آپ کو انسان بنا کر انسانوں کو شرف بخشا۔ ۳۷۵

شبنم۔نسیم : صبح کی نرم ہوا۔ثری :نرم مٹی۔اثراء: یہاں مصدر استعمال ہوا ہے: تری، نمی۔

تشریح شعر: آسمان سے شبنم بہت گری ہے، جس کی وجہ سے مٹی تر ہوگئی، اس کو شاعر عجیب انداز میں بیان کرتا ہے کہ شبنم نے آسمان کے ہاروں کو بادنسیم کے ذریعہ بکھیر دیا یہاں تک کہ مٹی تر ہوگئی۔اس شعر میں ثری اور اثراء کے مابین جناس ناقص ہے۔

۳۷۳......حد: دھار۔حد: حد فاصل۔

تشریح شعر: تلوار بسا اوقات کتابوں سے بھی زیادہ صحیح فیصلہ کرتی ہے۔اور اس کی دھار حق اور باطل کے درمیان حد فاصل ہے۔اس شعر میں حد اور حد کے درمیان جناس تام ہے۔

اور جد اور حد کے درمیان جناس ناقص ہے۔ف

۳۷۴......منیة: موت۔بریة: مخلوق۔

اس شعر میں ''ما ھٰذہ الدنیا بدار قرار'': قرآن مجید کی آیت ہے۔جس کو وزن شعری کی وجہ سے بدل کر شعر میں شامل کر لیا گیا ہے۔اس لئے اس میں عقد ہے۔

آیت اس طرح ہے: ﴿یٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا مَتَاعٌ وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِیَ دَارُ الْقَرَارِ﴾

(المؤمن ۳۹) ف

۳۷۵......سوّاک: باب تفعیل سے: برابر کرنا، بنانا۔

تشریح شعر: اگر یہ شعر حضور ﷺ کے بارے میں ہے تب تو ٹھیک ہے۔لیکن اگر کسی عامی کی تعریف میں ہے تو معاذ اللہ! اس میں مبالغہ ہے۔

(حسن مقطع کی مثال ہے۔متنبّی کے قصیدے کا آخری شعر ہے۔ف)

تَنۡبِیۡهَاتٌ

اَوَّلًا: اِعۡلَمۡ اَنَّ اَنۡوَاعَ الۡبَدِیۡعِ تَبۡلُغُ نَحۡوَ مِائَةً وَّخَمۡسِیۡنَ نَوۡعًا، وَقَدۡ مَرَّ الۡكَلَامُ عَلٰی كَثِیۡرٍ مِّنۡهَا فِیۡ تَضَاعِیۡفِ الۡكِتَابِ، فِیۡ غَیۡرِ بَابِهَا، فَاِنَّ اَنۡوَاعَ الۡاِطۡنَابِ مَثَلًا، وَالۡاِیۡجَازَ، وَالتَّشۡبِیۡهَ، وَالۡاِسۡتِعَارَةَ، وَالۡكِنَایَةَ، وَضُرُوۡبَهَا تُعَدُّ مِنَ الۡمُحَسَّنَاتِ الۡبَدِیۡعِیَّةِ،

پہلی تنبیہ: آپ یقین کریں کہ بدیع کے اقسام ڈیڑھ سو تک پہنچتی ہیں، اوران میں سے بہت سی (اقسام) پر کتاب کے اندر اپنے باب کے علاوہ میں بحث ہو چکی ہے، [۳۷۶] مثلا: اطناب، ایجاز، تشبیہ، استعارہ اور کنایہ اوران کی اقسام محسنات بدیعیہ میں شمار کی جاتی ہیں۔

ثَانِیًا: اِنَّ كَثِیۡرًا مِنَ الۡاَشۡكَالِ الۡبَدِیۡعِیَّةِ مُتَشَابِهَةً لَایَكَادُ یَلۡحَظُ الۡفَرۡقَ بَیۡنَهَا، وَقَدۡ اُشِیۡرَ اِلَی الۡبَعۡضِ فِیۡ مَوَاضِعِهٖ، وَاُهۡمِلَ الۡبَعۡضُ الۡآخَرُ لِنُدُوۡرِ وُقُوۡعِهٖ فِی الۡكَلَامِ،

دوسری تنبیہ: بدیع کی بہت سی شکلیں آپس میں متشابہ ہیں۔ ان کے اندر فرق کرنا مشکل ہے۔ جیسا کہ بعض کی طرف اس کے مقام میں اشارہ کر دیا گیا ہے۔ اور کلام میں بہت کم واقع ہونے کی وجہ سے بعض دوسروں کو چھوڑ بھی دیا گیا ہے۔

ثَالِثًا: اِنَّ بَعۡضَ الۡمُحَسَّنَاتِ لَایُسۡتَعۡمَلُ اِلَّا فِی الشِّعۡرِ، وَالۡبَعۡضَ الۡآخَرَ نَادِرٌ اَوۡ هُوَ صَنَاعَةٌ لَفۡظِیَّةٌ لَا كَبِیۡرَ اَمۡرٍ وَرَائَهَا، وَلَا تُوۡرِثُ الۡمَعۡنٰی بَهۡجَةً وَ رَوۡنَقًا، فَلِذٰلِكَ اُهۡمِلَ ذِكۡرُهَا تَمَامًا، اِلَّا اَنَّهٗ تَتۡمِیۡمًا لِلۡفَائِدَةِ نَذۡكُرُ بَعۡضَهَا هُنَا اِرۡضَاءً لِطَالِبِی

---

[۳۷۶]..... قدمر الکلام: بدیع کی بہت سی قسمیں ہیں، جن میں سے بہت سی قسمیں اپنے باب کے علاوہ میں اس کتاب میں گذر چکی ہیں، مثلا: اطناب، ایجاز وغیرہ محسنات بدیعیہ کی قسمیں، لیکن اس کا ذکر معانی میں آجاتا ہے۔

التَّوَسُّعِ، فَمِنْ هٰذِهِ الْاَنْوَاعِ:

تیسری تنبیہ: ۳۷۷ بعض محسنات صرف شعر میں استعمال ہوتی ہیں۔اور بعض دوسری شاذ ونادر ہیں یا وہ صناعت لفظی ہیں۔جن کے پیچھے کوئی بڑی بات نہیں ہے۔اور نہ تو وہ معنی میں تازگی پیدا کرتی ہیں اور نہ تو رونق پیدا کرتی ہیں،اس لئے اس کی بحث کو بالکل ہی چھوڑ دیا گیا ہے۔ہاں فائدے کے اتمام کی خاطر طالب توسع کو راضی کرنے کے لئے بعض محسنات کا تذکرہ یہاں کیا جارہا ہے۔ان اقسام میں سے کچھ یہ ہیں:

(ا)......تَشَابُهُ الْاَطْرَافِ: وَهُوَ ضَرْبٌ مِنَ التَّكْرَارِ يَقُوْمُ بِاَنْ يَذْكُرَ النَّاظِمُ لَفْظَةَ الْقَافِيَةِ فِيْ اَوَّلِ بَيْتٍ يَلِيْهَا، كَقَوْلِهٖ:

اِذَا نَزَلَ الْحَجَّاجُ اَرْضًا مَرِيْضَةً　　تَتَبَّعَ اَقْصٰى دَائِهَا فَشَفَاهَا

شَفَاهَا مِنَ الدَّاءِ الْعُضَالِ الَّذِیْ بِهَا　　هُمَامٌ اِذَا هَزَّ الْقَنَاةَ فَسَقَا

تشابہ الاطراف: ۳۷۸ وہ ایک قسم کا تکرار ہے۔اور وہ یہ ہے کہ شاعر پہلے شعر کے قافیہ سے اگلے شعر کو شروع کرے۔جیسے کہ اس کا قول:

حجاج جب کسی مریض زمین میں قیام کرتا ہے،تو اس کی تمام بیماریوں کو تلاش کر کے ختم

۳۷۷......ثالثا: تیسری تنبیہ کا حاصل یہ ہے کہ کچھ محسنات ایسی ہیں کہ وہ صرف شعر میں استعمال ہوتی ہیں، کچھ محسنات بہت نادر ہیں، کچھ صرف لفظی خوبصورتی پیدا کرتی ہیں،جن کی کوئی خاص اہمیت نہیں ہے،اس لئے ان کو چھوڑ دیا جاتا ہے،البتہ توسع کے طالب کو راضی کرنے کے لئے ان میں سے بعض کا تذکرہ یہاں کئے دیتے ہیں۔

۳۷۸......تشابہ الاطراف: تشابہ الاطراف کی صورت یہ ہوتی ہے کہ جس لفظ پر شعر کو ختم کیا گیا ہے،اسی لفظ سے دوسرے شعر کو شروع کیا جائے،تا کہ پہلے شعر کا آخری لفظ اور دوسرے شعر کا پہلا لفظ ایک جیسا ہو جائے۔اور دنوں کے اطراف ایک ہو جائیں۔

کردیتا ہے۔[۳۷۹]

وہاں کی لاعلاج بیماری سے شفا دیتا ہے، وہ ایسا سردار ہے کہ جب وہ نیزے کو حرکت دیتا ہے تو اس کو سیراب کرتا ہے۔

(۲)......اَلتَّشْرِيْعُ' اَوْ ذُو الْقَافِيَتَيْنِ: هُوَ اَنْ يَبْنِيَ الشَّاعِرُ بَيْتَهُ عَلٰى قَافِيَتَيْنِ ، بِحَيْثُ اِذَا اَسْقَطَ بَعْضَهُ كَانَ الْبَاقِيْ شِعْرًا مُفِيْدًا، كَقَوْلِهٖ:

لَايُعْرَفُ الشَّوْقُ اِلَّا مَنْ يُكَابِدُهٗ وَلَا الصَّبَابَةَ اِلَّا مَنْ يُعَانِيْهَا

فَلَوْ اُرِيْدَ الْوُقُوْفُ عَلٰى ''اِلَّا'' بَعْدَ الشَّوْقِ وَالصَّبَابَةِ لَاسْتَقَامَ الْمَعْنٰى وَالْوَزْنُ، نَحْوُ:

لَايُعْرَفُ الشَّوْقُ اِلَّا...... وَلَا الصَّبَابَةَ اِلَّا ....

وَفِي الْبَيْتِ عِلَاوَةٌ عَلَى التَّشْرِيْعِ الْاِكْتِفَاءُ ، وَهُوَ اَنْ يَحْذِفَ الْاَدِيْبُ شَيْئًا مِنْ كَلَامِهٖ ، يَسْتَغْنِيْ عَنْ ذِكْرِهٖ بِدَلَالَةِ الْعَقْلِ،

---

[۳۷۹]......ارضا مريضة: مریض زمین' سے مراد ہے: جس زمین کے لوگ حجاج سے منافقت کرنے کے مرض میں مبتلا ہوں۔ الداء العضال :لاعلاج بیماری۔ عضال: دشوار کام، سخت کام۔ همام: سردار۔ قناة : نیزہ، چھوٹی نہر۔ سقاها: سیراب کیا اس کو۔ یعنی جب نیزہ کو ہلایا تو اس سے ضرور کسی کو قتل کیا تو گویا کہ نیزہ کو کسی کے خون سے ضرور سیراب کیا۔

تشریح شعر: حجاج جب کسی ایسی زمین میں قیام کرتا ہے جہاں منافقت کا مرض ہو تو اس کی پوری کھوج کرید کرتا ہے اور اس کے تمام منافقین کو قتل کر کے صفایا کردیتا ہے، گویا کہ اس کی تمام بیماریوں کا علاج کردیتا ہے۔ اور وہ ایسا سردار ہے کہ جب کبھی وہ نیزہ ہلاتا ہے تو ضرور وہ کسی نہ کسی کو قتل کرتا ہے۔ اور اس کے خون سے نیزہ کو سیراب کرتا ہے۔

اس شعر میں: پہلے شعر کے آخر میں شفاھا تھا، اسی شفاھا کے ذریعہ دوسرے شعر کو یعنی شفاھا سے شروع کیا۔ اور یہی ہے ''تشابہ الاطراف'' جو ان دونوں شعروں میں موجود ہے۔

تشریع یا ذوالقافیتین: ۳۸۰؎ اور وہ یہ ہے کہ شاعر اپنے شعر کو دو قافیوں پر ڈھالے اس طرح کہ اگر اس کا بعض حصہ ساقط کر دیا جائے تو باقی حصہ بھی مفید شعر باقی رہے گا۔ جیسے کہ اس کا قول:

نہیں پہچانتا ہے شوق کی حقیقت کو، مگر وہ جو اس کی مشقت کو برداشت کرتا ہے اور نہ عشق کی حقیقت کو مگر وہ جو اس میں مبتلا ہوتا ہے۔ ۳۸۱؎

تو اگر کوئی ٹھہرنا چاہے الا پر جو الشوق اور الصبابۃ کے بعد ہے تو معنی اور وزن درست رہیں گے۔ جیسے کہ مذکورہ مثال:

نہیں پہچانتا ہے شوق کی حقیقت کو، مگر اور نہ عشق کی حقیقت کو مگر

اور شعر میں تشریع کے علاوہ اکتفاء بھی ہے۔ ۳۸۲؎ اور اکتفاء یہ ہے کہ ادیب حذف

۳۸۰؎......التشریع: تشریع اور ذوقافیتین: اور وہ یہ ہے کہ شاعر اپنے شعر کو دو قافیوں پر ڈھالے، اس طرح کہ اس کا بعض حصہ ساقط کر دیا جائے تب بھی باقی حصہ مفید شعر بنا رہے۔ جیسے: لایعرف الا الشوق الا من یکابدہ، پر میں سے اگر ''من یکابدہ'' کو حذف کر دیا جائے اور ''لایعرف الا'' پر شعر رکھ دیا جائے تب بھی پورا شعر بن جائے گا۔

۳۸۱؎......یکابد: کسی چیز کی مشقت برداشت کرنا۔ الصبابۃ: عشق و محبت۔ یعانی: کسی چیز کی مشقت برداشت کرنا۔ کسی چیز میں پڑنا۔

اس شعر کے پہلے مصرعہ میں من یکابدہ اور دوسرے مصرعہ میں من یعانیھا کو بھی حذف کر دیا جائے تب بھی شعر مکمل اور ٹھیک رہے گا۔ گویا کہ یہ شعر دو قافیہ والا تھا۔ جس میں سے ایک کو حذف کرنے کے بعد بھی شعر ٹھیک رہا۔

۳۸۲؎......الاکتفاء: اور اکتفاء کا مطلب یہ ہے کہ ادیب اپنے کلام میں کچھ حذف کر دے، تب بھی دلالت حال سے یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ یہاں یہ لفظ یا یہ جملہ محذوف ہے۔ اور اسی کو اکتفاء کہتے ہیں۔ اس مذکورہ شعر میں من یکابدہ' پر دلالت کرنے والا لفظ موجود ہے اس لئے اس شعر میں اکتفاء بھی ہے۔

کرے اپنے کلام کا کچھ حصہ اس طرح سے کہ دلالت عقل سے وہ سمجھ میں آجاتا ہے۔

(۳)......اَلْعُکْسُ: وَھُوَ اَنْ یَأْتِیَ الْمُتَکَلِّمُ بِکَلَامٍ ثُمَّ یُعَکِّسُهُ فَیُقَدِّمَ مَا اَخَّرَ، وَیُؤَخِّرُ مَاقَدَّمَ، نَحْوُ ''کَلَامُ الْمُلُوْکِ مُلُوْکُ الْکَلَامِ' وَعَادَاتُ السَّادَاتِ سَادَاتُ الْعَادَاتِ'' وَکَقَوْلِهٖ:

رَقَّ الزُّجَاجُ وَرَاقَّتِ الْخَمَرُ فَتَشَابَهَا فَتَشَاکَلَ الْاَمْرُ

فَکَاَنَّمَا خَمْرٌ وَلَا قَدْحٌ وَکَاَنَّمَا قَدْحٌ وَلَا خَمْرٌ

عکس: اور وہ یہ ہے کہ متکلم کوئی کلام پیش کرے، پھر اس کو الٹا کردے جو بعد میں تھا اس کو مقدم کردے اور جو مقدم تھا اس کو مؤخر کردے۔ جیسے ''بادشاہوں کا کلام' کلام کا بادشاہ ہوتا ہے' سادات کی عادات عادتوں کی سردار ہوتی ہیں''۔

اور اس کا قول

شیشہ بھی صاف ہوا، اور شراب بھی صاف ہوئی۔ تو دونوں مشابہ ہوگئے تو معاملہ بھی مشتبہ ہوگیا۔ [۳۸۳]

تو ایسا لگتا ہے کہ گویا کہ شراب ہے اور پیالہ نہیں ہے، اور ایسا لگتا ہے کہ گویا پیالہ ہے شراب نہیں ہے۔

(۴)...... اَلتَّرْدِیْدُ: ھُوَاَن یُذْکَرَ النَّاظِمُ اَوِالْاَدِیْبُ فِیْ کَلَامِهٖ لَفْظَةً فَیُعِیْدُھَا بِعَیْنِھَا مَعَ مُتَعَلِّقٍ آخَرَ تُفِیْدُ بِهٖ مَعْنًی زَائِدًا، وَھٰذَا النَّوْعُ یَشْبَهُ التَّکْرَارَ وَالتَّعَطُّفَ، نَحْوُ:

۳۸۳......فکانما خمر: اس شعر میں ''عکس'' ہے۔ کیونکہ خمر' کی جگہ قدح' رکھ دیا، اور قدح' کی جگہ پر خمر' رکھ دیا گیا۔

تشریح شعر: اس شعر میں شیشہ اور خمر کی صفائی بیان کی گئی ہے کہ وہ اتنا صاف ہے کہ ایک دوسرے میں تمیز نہیں ہوتی ہے۔

اَبْدَی الْبَدِیْعُ لَهُ الْوَصْفَ الْبَدِیْعَ وَفِیْ نَظْمِ الْبَدِیْعِ حَلَا تَرْدِیْدُهُ بِفَمِیْ

تردید:۳۸۴ اوروہ یہ ہے کہ ناظم یا کاتب اپنے کلام میں کوئی لفظ لائے۔ پھر بعینہ اسی لفظ کو دوسرے متعلق کے ساتھ لوٹائے جوزائد معنی کا فائدہ دے۔:اوراس قسم کی تردید' تکرار اور تعطف کے مشابہ ہے۔جیسے کہ اس کا قول:

اس کے انوکھے قصیدے نے انوکھے وصف کو بیان کیا اور بدیع (فن بدیع) کی نظم میں میرے منہ سے اس کا لوٹانا شیریں ہوا۔۳۸۵

(۵)......اَلتَّکْرَارُ اَوِ التَّکْرِیْرُ:وَقَدْ مَرَّ ذِکْرُهُ ، وَهُوَ اَنْ یُذْکَرَ النَّاظِمُ اَوِ الْکَاتِبُ لَفْظَةً ثُمَّ یُعِیْدُهَا لِتَقْرِیْرِ الْمَعْنٰی فِیْ ذِهْنِ السَّامِعِ ، سَوَاءٌ کَانَتِ اللَّفْظَةُ مَوْصُوْلَةً بِاُخْتِهَا اَوْ مَفْصُوْلَةً ، کَقَوْلِه :

حَتّٰی مَتٰی یَا صَاحِبِیْ لَا تَرْعَوِیْ حَتّٰی مَتٰی حَتّٰی مَتٰی وَاِلٰی مَتٰی

تکرار یا تکریر:۳۸۶ اس کا تذکرہ پہلے ہو چکا ہے۔اوروہ یہ ہے کہ ناظم یا کاتب ایک

۳۸۴......التـردید: تردید کا مطلب یہ ہے کہ ادیب اپنے کلام میں ایک لفاظ لائے ، پھر اسی متعلق کے ساتھ یا پھر دوسرے متعلق کے ساتھ دوبارہ اسی لفظ کو لائے تو اس سے مزید معنی کا فائدہ ہوتا ہے، جیسے مذکورہ مثال میں ''بدیع'' کو تین مرتبہ الگ الگ متعلقات کے ساتھ لایا گیا ہے اور تینوں مرتبہ الگ الگ معنی مراد لئے گئے ہیں۔اوراسی کو تردید کہتے ہیں۔

۳۸۵......ابدی البدیع :علم بدیع ،انوکھی صفت۔حـلا :حلا یحلو : سے میٹھا ہونا، شیریں ہونا۔تردیده بفمي:منہ سے لوٹانا، یاکسی لفظ کو بار بار پڑھنا، یہاں کسی لفظ کو بار بار پڑھنے' کے معنی میں استعمال ہوا ہے تشریح شعر:علم البدیع جاننے والے نے اپنے اشعار میں عجیب وصف بدیع کو ظاہر کیا،اس سے متأثر ہو کر اس انوکھے شعر کو میں نے بار بار اپنے منہ سے دہرایا،جس کی وجہ سے مجھے عجیب لذت محسوس ہوئی۔

۳۸۶......التکرار :تکرار کا وہی مفہوم ہے جو تردید کا ہے۔صرف اتنا فرق ہے کہ تکرار میں کسی لفظ کو بار بار اس لئے لایا جاتا ہے کہ اس کو سامع کے ذہن میں جمایا جائے۔جیسے کہ شعر میں حتی متی ہے اس کو یعنی حتی

لفظ ذکر کرے، پھر سامع کے ذہن میں اس معنی کو بٹھانے کے لئے دوبارہ اس کو ذکر کرے، چاہے وہ لفظ اپنے پہلے متعلق کے ساتھ آئے یا اس سے جدا ہو کر آئے۔ جیسے کہ اس کا قول:

اے میرے ساتھی، کب تک (جہالت سے) باز نہیں آئے گا، کب تک، کب تک اور کب تک نہیں آئے گا۔

(۶)......مَالَا يَسْتَحِيْلُ بِالْاِنْعِكَاسِ: وَهُوَ اَنْ يَأْتِيَ الْمُتَكَلِّمُ بِكَلَامٍ لَوْ عَكَسَهُ، لَكَانَ عَكْسُهُ كَطَرْدِهٖ، وَهٰذَا النَّوْعُ لَايُعَدُّ مِنَ الْمَحَاسِنِ اِلَّا اِذَا بَرِئَ مِنَ التَّكَلُّفِ وَالْعِقَادَةِ، وَقَدْ يَكُوْنُ فِي النَّثْرِ وَالنَّظْمِ، نَحْوُ "اَرَانَا الْاِلٰهُ هِلَالاً اَنَاراً" اَوْ كَقَوْلِهٖ:

مَوَدَّتُهُ تَدُوْمُ لِكُلِّ هَوْلٍ　　　وَهَلْ كُلُّ مَوَدَّتِهٖ تَدُوْمُ

مالا یستحیل بالانعکاس: ۳۸۷؁ اور وہ یہ ہے کہ متکلم ایسا کلام پیش کرے کہ اگر اس کا الٹا کر دیا جائے تو اس کا الٹا بھی سیدھے کی طرح بن جائے۔ یہ قسم اس وقت تک محاسن میں شمار نہیں ہوگی جب تک کہ تکلف اور گنجلک سے بری نہ ہو۔ یہ قسم کبھی نثر میں بھی ہوتی ہے اور کبھی نظم میں بھی ہوتی ہے۔ جیسے ہم کو اللہ نے چمکتا ہوا چاند دکھلایا۔

اس ممدوح کی محبت ہمیشہ رہتی ہے ہر مصیبت کے لئے اور کیا ہر ایک کی محبت ہمیشہ رہتی ہے۔ ۳۸۸؁

متی کو بار بار لا گیا تا کہ سامع کے ذہن میں جہالت کی برائی بٹھائی جائے۔ ترعوی افعلال سے ہے ارعوی یرعوی ارعواء: جہالت سے باز آجانا، رک جانا۔

۳۸۷؁......مالا یستحیل بالانعکاس: یعنی ایسا کلام لائے کہ اگر اس کلام کو الٹ دیا جائے تو پہلے کلام کی طرح ہو جائے، اور اس کے لانے میں اگر تکلف سے کام لیا جائے تو وہ محاسن میں شمار نہیں ہوگا۔ ہاں! اگر بے تکلف لایا جائے اور اس کے لانے میں گنجلک بھی نہ ہو تو وہ محاسن میں شمار ہوگا۔ جیسے نثر میں اس کی مثال: "انار الالہ ھلالا انار" کو اگر الٹ دیا جائے تو یہی جملہ بنے گا۔

۳۸۸؁......تشریح شعر: جب بھی کوئی مصیبت آتی ہے تو ممدوح اس مصیبت کو زائل کرنے کی طرف متوجہ

(۷)......اَلتَّرْتِيْبُ: وَهُوَ اَنْ يَقْصِدَ الْمُتَكَلِّمُ ذِكْرَ اَفْعَالٍ اَوْ اَوْصَافٍ شَتّٰى لِمَوْصُوْفٍ وَاحِدٍ، فَيَأْتِيْ بِهَا مُرَتَّبَةً طَبِيْعِيًّا، اَوْ بِحَسْبِ وُقُوْعِهَا، نَحْوُ:

اَلَمُّوْا فَحَيُّوْا ثُمَّ قَامُوْا فَوَدَّعُوْا　　　فَلَمَّا تَوَلَّوْا كَادَتِ النَّفْسُ تَزْهَقُ

ترتیب: اور وہ یہ ہے کہ متکلم ایک موصوف کے مختلف اوصاف یا کئی افعال ذکر کرنے کا ارادہ کرے، ۳۸۹ پھر اس کو طبعی ترتیب پر یا اس کے واقع ہونے کے اعتبار سے مرتب ذکر کرے، جیسے:

ممدوح نے آ کر ملاقات کی، پھر سلام کیا، پھر کھڑے ہوئے، پھر الوداع کہا پس جب وہ جانے لگے تو قریب تھا کہ دم نکل جائے۔ ۳۹۰

(۸)......اَلتَّعْدِيْدُ اَوْ سِيَاقَةُ الْاَعْدَادِ: وَهُوَ اَنْ يَأْتِيَ الْاَدِيْبُ بِكَلِمَاتٍ مُنْفَرِدَةٍ يُوْقِعُهَا عَلٰى سَيَاقٍ وَاحِدٍ يَضُمُّهَا الْعَاطِفُ، تُحَلّٰى عَادَةً بِمُطَابَقَةٍ اَوْ جِنَاسٍ، كَقَوْلِهٖ:

ہوجاتا ہے گویا کہ ہر مصیبت کو زائل کرنے کے لئے اس کی محبت ہمیشہ رہتی ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا اس کی ہر محبت ہمیشہ رہتی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ دوسری قسم کی محبت ہمیشہ نہیں رہتی۔ ہول: مصیبت، خون۔

نظم میں اس کی مثال یہ ہے: اور اس شعر میں ''مودتہ تدوم لکل ہول وہل کل مودتہ تدوم'' کو الٹا کر کے پڑھیں گے تو یہی جملہ بنے گا۔ اور اسی کو یعنی اس طرح کرنے کو ''مالا یستحیل بالانعکاس'' کہتے ہیں۔

۳۸۹......الترتیب: ترتیب اور وہ یہ ہے کہ ''کسی چیز کے مختلف اوصاف بیان کئے جائیں، یا کسی کے مختلف افعال بیان کئے جائیں، اس طرح کہ وہ طبعی ترتیب پر ہوں یا جس انداز میں افعال واقع ہوئے ہیں اسی ترتیب پر افعال بیان کئے جائیں'' تو اسی کو ترتیب کہتے ہیں۔

۳۹۰......الـمّـوا: باب افعال سے ہے اور ماٗ خذ لَمّ ہے۔: مل جانا، ملاقات کرنا۔ چھوڑنا، الوداع کہنا۔ تزہق: روح کا جسم سے خارج ہونا، دم گھٹنا۔

اس شعر میں ممدوح کے افعال جس ترتیب سے واقع ہوئے ہیں اسی ترتیب سے بیان کئے گئے ہیں۔ اور اسی (اس طرح ترتیب وار کرنا جو اس کی تعریف میں موجود ہے) کو ترتیب کہتے ہیں۔

اَلْـخَيْلُ وَاللَّيْلُ وَالْبَيْدَاءُ تَعْرِفُنِيْ وَالسَّيْفُ وَالرُّمْحُ وَالْقِرْطَاسُ وَالْقَلَمُ

تعدید یا سیاقۃ الاعداد: ۳۹۱ اور وہ یہ ہے کہ ادیب الگ الگ کلمات کو ایک سیاق پر اس طرح لے آئے کہ حرف عطف ان کو جمع کر دے عادۃً مطابقت اور جناس سے اس کو آراستہ کیا جاتا ہے۔ جیسے کہ اس کا قول:

گھوڑا، رات اور صحراء مجھے پہچانتے ہیں، اور تلوار، نیزہ، کاغذ اور قلم بھی۔

(۹)......اَلتَّـوْزِيْـعُ: هُـوَ اَنْ يَـلْتَـزِمَ الْاَدِيْـبُ فِيْ كَلَامِهٖ حَرْفًا مَخْصُوْصًا فِيْ جَمِيْعِ اَلْفَاظِهٖ اَوْ اَكْثَرِهَا، مِنْ غَيْرِ تَكَلُّفٍ، نَحْوُ قَوْلِهٖ:

سَيْفٌ يَسُرُّكَ سَلُّهُ وَ سُؤَالُهُ لِمَسَاءَةٍ تُؤْسٰى وَسَلْبِ نُفُوْسٍ

توزیع: ۳۹۲ اور وہ یہ ہے کہ ادیب اپنے کلام میں کسی مخصوص حرف کو تمام الفاظ میں یا اس کے اکثر کلمات میں بغیر کسی تکلف کے لے آئے۔ جیسے کہ اس کا قول:

سیف الدولہ ایک ایسی تلوار ہے کہ کسی برائی کے لئے، جس سے غمخواری کی جائے اور دشمنوں کی جانوں کو لینے کے لئے اس کو کھینچنا اور اس سے سوال کرنا تم کو خوش کرے

۳۹۱......التعدید: ادیب الگ الگ صفات بیان کرے یا الگ الگ کلمہ لائے لیکن اس ترتیب کے ساتھ لائے کہ حرف عطف اس کو جامع ہو۔

ایسا فرماتے ہیں کہ: تعدید کو عادۃً مطابقت یا جناس سے آراستہ کیا جاتا ہے، جیسے الخیل واللیل میں الگ الگ چیزیں بیان کی گئی ہیں لیکن ان تمام کو حرف عطف جامع ہے یعنی حرف عطف سب کو ایک حکم میں جمع کر دیتا ہے۔ ساتھ ہی یہ بات بھی دیکھیں کہ ان تمام الفاظ میں مطابقت ہے۔ اور خیل اور لیل میں جناس ناقص بھی ہے۔ جس سے تعدید میں زینت حاصل ہوگئی ہے۔

۳۹۲......التوزیع: توزیع اور وہ یہ ہے کہ ادیب اپنے کلام کے تمام الفاظ میں یا اکثر الفاظ میں ایک مخصوص حرف کو لائے۔ یعنی ایسا لفظ استعمال کرے جس میں وہ حرف ضرور ہو۔ یہ اچھا اسی وقت ہوسکتا ہے کہ جب ادیب ایسے حرف کو بے تکلف لا سکے یعنی مقتضی حال کے خلاف نہ ہو۔

گا۔۳۹۳

(۱۰)......اَلْاِلْتِزَامُ :هُوَ اَنْ يَأتِيَ النَّاظِمُ قَبْلَ حُرُوْفِ الرَّوِيِّ، بِمَا لَا يَلْزَمُ فِي التَّقْفِيَةِ مِنْ حَرْفٍ مَخْصُوْصٍ اَوْ اَكْثَرَ ، كَقَوْلِهٖ:

كُلْ وَاشْرَبِ النَّاسَ عَلٰى خُبْرَةٍ فَهُمْ يَمُرُّوْنَ وَلَا يَعْذُبُوْنَ

وَلَا تُصَدِّقْهُمْ اِذَا حَدَّثُوْا فَاِنَّهُمْ مِنْ عَهْدِهِمْ يَكْذِبُوْنَ

التزام:۳۹۴ اور وہ یہ ہے کہ نظم کہنے والا حروف روی سے پہلے ایک مخصوص حرف یا زیادہ کا التزام کرے جو قافیہ بندی کے لئے ضروری نہیں ہے۔ جیسے کہ اس کا قول:

لوگوں کے ساتھ باخبر ہوکر کھاؤ اور پیو، اس لئے کہ وہ کڑوے ہوتے ہیں اور میٹھے نہیں ہوتے۔۳۹۵

۳۹۳......سیف: یہاں اس لفظ سے سیف الدولۃ بادشاہ مراد ہے۔ جو متنبّی کا ممدوح تھا۔ سلہ: سل سے تلوار سونتنا۔ مساءۃ: ساء سے مشتق ہے، غمگین ہونا۔ توسی: اس کا ماخذ آسی ہے (ن سے) کسی کو تسلی دینا۔ سلب نفوس: نفس کو چھیننا۔ جان لینا، قتل کرنا۔

تشریح شعر: سیف الدولہ بہادر بھی ہے، اور سخی بھی ہے۔ شریر نفس کو ختم کرنے کے لئے اس کا تلوار سونتنا بھی اتنا مفید ہے کہ آپ کو خوش کردے گا۔ اور کسی مصیبت کو دور کرنے کے لئے اس سے سوال کیا جائے تب بھی وہ کام آئے گا۔

اس شعر میں تمام الفاظ ایسے استعمال کئے گئے ہیں کہ جن میں حرف س (سین) ضرور موجود ہے۔ اسی لئے اس کو توزیع کہتے ہیں۔

۳۹۴......الالتزام: التزام اور وہ یہ ہے کہ دوسرے مصرعہ کے آخری حرف کو روی کہتے ہیں۔ جیسے مذکورہ بالا شعر میں یعذبون اور یکذبون میں نون قافیہ ہے اور دونوں لفظ میں واؤ حرف روی ہے۔ اور اس سے قبل باء اور ذال کا لانا ''التزام'' ہے۔

۳۹۵......علی خبرۃ: مشتق ہے خبر سے، آزمائش، امتحان، اور تحقیق کے ساتھ باخبرہ۔ یمرون: مر سے، کڑوا ہونا۔ کڑوا پن۔ یعذبون: مشتق ہے عذب سے: میٹھا ہونا۔ اس شعر کی تشریح آسان ہے۔ یعنی

اور جب وہ بات کریں تو ان کی تصدیق نہ کریں، کیونکہ ان میں اکثر لوگ اپنے عہد میں جھوٹے ہوتے ہیں۔

(۱۱)......اَلْحَذْفُ: هُوَ اَنْ يَلْتَزِمُ النَّاظِمُ فِيْ بَيْتٍ اَوْ اَكْثَرَ مِنْ شَعْرِهٖ حَذْفَ حَرْفٍ مِنْ حُرُوْفِ الْهِجَاءِ، اَوْ نَوْعٍ مِنْهَا، دُوْنَ تَكَلُّفٍ وَلَا تَعْقِيْدٍ، نَحْوُ قَوْلِهٖ: وَقَدْ حُذِفَ مِنْهُ الْحُرُوْفُ الْمُعْجَمَةُ):

اُعْدُدْ لِحَسَّادِكَ حَدَّ السَّلَاحِ وَاَوْرِدُ الآمِلَ وِرْدَ السَّمَاحِ

حذف: اور وہ یہ ہے کہ نظم کہنے والا اپنے شعر کے ایک بیت میں یا زیادہ میں حرف ہجاء میں سے کسی خاص حرف کو یا اس کے کسی خاص قسم کے حروف کو بلا کسی تکلف اور گنجلک کے حذف کردے۔ جیسے کہ اس کا قول: اور حال یہ ہے کہ اس میں نقطے والے حروف کو حذف کر دیا گیا ہے:

اپنے حاسدین کے لئے ہتھیار کی دھار تیار رکھیں اور امید رکھنے والوں کو سخاوت کی گھاٹ پر اتاریں۔[۳۹۶]

اللهم اغفر للشارح ووالديه ولوالديه

ثمیر الدین قاسمی (مانچسٹر)

۳۰ رجون ۲۰۱۱ء

حرف روی موجود ہے۔

[۳۹۶]......عد یعد: اعدد: نصر سے، تیار کرنا۔ آمل: امل سے اسم فاعل کا صیغہ، امید رکھنے والا۔ ورد: گھاٹ، سماح: بخشش۔

تشریح شعر: اپنے دشمنوں سے مقابلہ کرنے کے لئے تیار رہیں اور امید رکھنے والوں کو بخشش سے نوازیں۔ اس شعر میں نقطہ والا حرف ایک بھی استعمال نہیں ہوا ہے۔ اور اسی کو حذف کہتے ہیں۔

خلاصہ سفینۃ البلغاء

فصاحت تین چیزوں کی صفت بنتی ہے: (۱)......کلمہ۔ (۲)......کلام۔ (۳)......متکلم۔
فصاحت کلمہ:......(۱)......تنافر حروف۔ (۲)......مخالفت قیاس لغوی۔ (۳):......غرابت اور۔ (۴)......کراہۃ فی السمع سے خالی ہونے کو فصاحت کلمہ کہتے ہیں۔
فصاحت کلام:......(۱)......ہر کلمہ فصیح ہو۔ (۲)...... تنافر کلمات۔ (۳)......ضعف تالیف۔ (۴)......تعقید لفظی۔ (۵)......تعقید معنوی سے خالی ہو تو کلام فصیح ہوتا ہے۔
فصاحت متکلم:......فصاحت کے ساتھ متکلم کلام کرنے پر قادر ہو تو متکلم فصیح ہے۔
بلاغت......فصاحت کے ساتھ مقتضی حال کی رعایت کرنے سے کلام بلیغ ہوتا ہے۔
بلاغت: (۱): کلام اور (۲): متکلم' دونوں کی صفت بنتی ہے۔
بلاغت کے درجے تین ہیں: (۱): اعلیٰ۔ (۲): اوسط۔ (۳): ادنی۔
حصول بلاغت: کے لئے اور علوم کے علاوہ (۱) معانی (۲) بیان اور (۳) بدیع میں مہارت ضروری ہے۔
ابواب علم معانی آٹھ ہیں:......(۱): خبر و انشاء۔ (۲): ذکر و حذف۔ (۳): تقدیم و تاخیر۔ (۴): تعریف و تنکیر۔ (۵): اطلاق و تقیید۔ (۶): قصر۔ (۷): وصل و فصل۔ (۸): ایجاز' مساوات اور اطناب۔

باب اول خبر و انشاء

جملہ خبریہ کی دو قسمیں ہیں:......(۱): جملہ فعلیہ اور (۲): جملہ اسمیہ۔
اغراض جملیہ خبریہ یہ ہیں:......(۱): فائدۃ الخبر۔ (۲): لازم فائدۃ الخبر۔ (۳): استرحام (۴): اظہار ضعف۔ (۵): اظہار تحسر اور (۶): توبیخ۔

مخاطب کے اعتبار سے خبر کی تین قسمیں ہیں:......(۱):ابتدائی (۲) طلبی اور (۳) انکاری۔
انکاری کے جواب میں ضروری تاکید ضروری ہے۔اور الفاظ تاکید یہ ہیں:
(۱):اِنّ(۲):اَنّ(۳):قد(۴):قسم (۵):لام ابتدائی (۶):نون تاکید(۷):تکرار خبر (۸):اما شرطیه (۹):حروف تنبیه (۱۰):حروف زیادت(۱۱):ضمیر فصل (۱۲): انما (۱۳): کاَنّ (۱۴):لکنّ(۱۵):تکرار نفی(۱۶): سین اور(۱۷):سوف،

انشاء

اقسام انشاء دو ہیں:(۱) طلبی اور (۲) غیر طلبی۔

اقسام انشاء طلبی چھ ہیں:......(۱):امر (۲): نہی (۳): تمنی (۴): ترجی (۵):استفہام، اور (۶): نداء۔

اغراض صیغہ امر یہ ہیں:

(۱):اپنے آپ کو بڑا سمجھتے ہوئے ایجاد فعل کی طلب۔(۲): دعاء(۳):التماس (۴):تمنی (۵):تہدید(۶):تعجیز (۷):تسویہ(۸):دوام(۹):اکرام (۱۰):امتنان(۱۱):ارشاد اور(۱۲):اباحت۔

اغراض صیغہ نہی یہ ہیں:

(۱):اپنے آپ کو بڑا سمجھتے ہوئے ترک فعل کی طلب۔(۲):دعاء(۳):التماس (۴):تمنی (۵):تہدید(۶):ارشاد(۷):تیئیس اور(۸):دوام۔

معنی تمنی وترجی:......جس چیز کا حصول محال یا مشابہ محال ہو اس کے حصول کی طلب کو تمنی کہتے ہیں۔اور جس کا حصول متوقع ہو اس کی طلب وامید کو ترجی کہتے ہیں۔

حروف استفہام یہ ہیں:

(۱): ہمزہ (۲): ھل (۳): من (۴): ما (۵): متی (۶): ایان (۷): این (۸): انّٰی (۹): کیف (۱۰): کم اور (۱۱): ایٌ۔

ان میں سے ہر ایک حرف استفہام مختلف قسم کے استفہام کے لئے آتے ہیں، جس کی تفصیل کتاب میں موجود ہے۔

اغراض استفہام:

(۱): کسی چیز کو معلوم کرنا (۲): تسویہ (۳): نفی (۴): انکار (۵): توبیخ (۶): امر (۷): نہی (۸): تشویق (۹): تعظیم (۱۰): تحقیر (۱۱): تہکم (۱۲): استبعاد (۱۳): تنبیہ علی الباطل (۱۴): استبطاء (۱۵): تعجب (۱۶): تنبیہ علی الخطاء ۱۷): وعید (۱۸): تقریر (۱۹): تمنی۔

(ج)

حروف نداء یہ ہیں:

(۱): یا (۲): ہمزہ (۳): آ (۴): ای (۵): آی (۶): ایا (۷): ھیا اور (۸): وا۔

اغراض نداء یہ ہیں: (۱) کسی کی توجہ طلب کرنا۔

(۲) اغراء (۳) زجر (۴) ترحم (۵) تأسف (۶) استغاثہ (۷) ندبہ (۸) تعجب (۹) تحیّر (۱۰) تضجر اور (۱۱) تحزن۔

انشاء غیر طلبی

انشاء غیر طلبی ان چیزوں کو کہتے ہیں:

(۱) تعجب (۲) قسم (۳) افعال رجاء (۴) افعال مدح اور افعال ذم (۵) صیغ عقود (۶) رُبَّ (۷) کم خبریہ۔

باب دوم: ذکر و حذف

ذکر مسند الیہ کا داعیہ یہ ہیں: (۱): مسند الیہ کو حذف کر دینے سے اس پر دلالت کرنے والی کوئی چیز نہ ہو۔ (۲): زیادہ تقریر یا زیادہ وضاحت کے لئے۔ (۳): سامع پر تسجیل کے لئے۔ (۴): سامع کی کند ذہنی بتانے کے لئے۔ (۵): تبرک کے لئے۔ (۶): استلذاذ کے لئے۔ (۷): تعظیم بیان کرنے کے لئے۔ (۸): تحقیر بیان کرنے کے لئے۔ (۹): ہیبت پیدا کرنے کے لئے۔

اغراض ذکر مسند یہ ہیں: (۱): ذکر مسند الیہ کے جو اغراض ہیں وہ سب اس میں شامل ہیں۔ (۲): مسند فعل ہو تو تجدد کے فائدے کے لئے۔ (۳): مسند اسم ہو تو ثبوت کے فائدے کے لئے۔

اغراض حذف مسند الیہ: (۱): مخاطب کے علاوہ سے اخفاء امر۔ (۲): ضیق مقام۔ (۳): وزن یا قافیہ پر محافظت کے لئے۔ (۴): حذف مسند الیہ کے ساتھ ہی محاورے میں استعمال ہوتا ہے۔ (۵): مسند اس مسند الیہ کے علاوہ کسی اور کے لائق نہیں۔ (۶): فعل کو فاعل کے بجائے نائب فاعل کی طرف منسوب کرنے کو بھی حذف مسند الیہ ہی میں شمار کرتے ہیں۔

اغراض حذف مفعول بہ: (۱): وزن یا سجع پر محافظت۔ (۲): تعمیم مع اختصار۔ (۳): فعل لازم کو فعل متعدی کی جگہ پر اتارنے کے لئے۔ (۴): اختصار ملحوظ رکھنے کے لئے۔ (۵): ابہام کے بعد وضاحت کی تمہید کے لئے۔ (۶): اس مفعول بہ کا ذکر ماقبل ہو چکا ہے اس لئے اس کو حذف کر دیا گیاہ ہے۔

باب سوم تقدیم وتاخیر

اغراض تقدیم مسند الیہ:

(۱): اہمیت مسند الیہ۔(۲): اتباع قواعد۔(۳): مؤخر کی طرف تشویق کے لئے۔(۴): مسرت یا غمی کو جلدی بتلانے کے لئے۔(۵): عموم السلب یا سلب العموم پر تصریح کے لئے۔(۶): تقدیم سے تخصیص کا فائدہ ہوتا ہے۔(۷): تکرار اسناد سے تقویت حکم کے لئے

اغراض تقدیم مسند:

(۱): تقدیم مسند الیہ کے بعض دواعی اس میں بھی شامل ہیں مثلاً: (۱): اہمیت مسند۔(۲): اتباع قواعد۔(۳): تشویق کے لئے۔(۴): تخصیص حکم، اس کے علاوہ۔(۵): تقدیم ہی سوال، یا تعجب یا انکار کا مطمح نظر ہو۔(۶): وزن پر محافظت۔(۷): نیک فالی (۸): مسند عامل ہو اور مسند الیہ معمول۔

فعل اور اس کے معمولات کے درمیان ترتیب

معمولات کی ترتیب میں یہ ملحوظ رہے کہ اعلیٰ ادنیٰ پر مقدم ہوتا ہے، اس لئے پہلے فعل، پھر فاعل، پھر مفعول بہ، پھر مفعول مطلق، پھر ظرف، پھر مفعول لہ اور پھر باقی قیود ہوں گے۔

اغراض خلاف ترتیب:

(۱): تخصیص کا ارادہ ہو۔(۲): مخاطب کو درستگی کی رہنمائی کرنی ہو۔(۳): امر معنوی کی وجہ سے۔(۴): رعایت سجع ہو۔(۵): وزن شعر۔(۶): اہمیت۔(۷): تقدیم اصل ہو۔(۸): مؤخر کرنے میں بگڑتا ہو۔(۹): قواعد لغت میں خلل واقع ہوتا ہو تو فعل اور معمولات کی ترتیب بدل جاتی ہے۔

باب چہارم تعریف وتنکیر

معرفہ یہ ہیں: (۱): ضمائر۔ (۲): علَم۔ (۳): اسم اشارہ۔ (۴): اسم موصول۔ (۵): الف لام۔ (۶): معرفہ کی طرف مضاف۔ (۷): منادیٰ۔

اغراض معرفہ...... (۱): ضمیر: مقام تکلم، خطاب یا غیبت کو بتلانے کے لئے ضمیر لاتے ہیں۔

اغراض علَم: (۱): سامع کے ذہن میں ابتداء حاضر کرنے کے لئے۔ (۲): تعظیم کے لئے۔ (۳): اہانت کے لئے۔

اغراض اسم اشارہ: (۱): قرب (۲): بعد (۳): تعظیم (۴): تحقیر بیان کرنے کے لئے۔

اغراض اسم موصول: (۱): ابہام (۲): تفخیم (۳): تعظیم (۴): توبیخ (۵): مخاطب صلہ کے سوا، اس کے متعلق کچھ نہ جانتا ہو اس لئے معرفہ اسم موصول لاتے ہیں۔

اغراض الف لام: معہود متعین کی رہنمائی کے لئے۔

اغراض اضافت: (۱): اختصار (۲): تعظیم (۳): تحقیر کے لئے اضافت کے ساتھ معرفہ لاتے ہیں۔

اغراض نداء: (۱): نداء کرنا (۲): غم کو ظاہر کرنے کے لئے منادیٰ لاتے ہیں۔

اغراض نکرہ: (۱): افراد۔ (۲): نوعیت۔ (۳): تکثیر۔ (۴): تقلیل۔ (۵): انتفاء عہد وحصر کے لئے۔ (۶): کبھی نکرہ کو اضافت یا صفت سے خاص کرتے ہیں تاکہ پورا فائدہ ہو۔

باب پنجم اطلاق وتقیید

اغراض اطلاق: (۱): مخاطب کو قید لگانے میں ہر قسم کا اختیار باقی رہے، اس لئے مطلق چھوڑ دیتے ہیں۔

تقیید ان الفاظ سے ہوتی ہے: (۱): حروف شرط۔ (۲): نفی۔ (۳): نواسخ (اِنّ اور اس

کے ہم جنس (اخواتھا)، کان اور اس کے ہم جنس (اخواتھا)، لائے نفی، ما اور لا، مشبہتین بلیس کو ن نواسخ کہتے ہیں)۔(۴): مفاعیل۔(۵): حال۔(۶): تمیز۔ (۷): مستثنیٰ بالّا۔ (۸): توابع۔(توابع پانچ ہیں۔دیکھو تفصیل کے لئے نحو کی کتابیں)۔

اغراض تقیید:(۱): تصحیح کلام مقصود ہو۔(۲): افادۂ کاملہ ہو۔

باب ششم در قصر

اقسام قصر دو ہیں:......(۱): قصر حقیقی (۲): قصر اضافی۔

پھر ہر ایک کی دو قسمیں ہیں:(۱): قصر موصوف علی الصفت،(۲): قصر صفت علی الموصوف۔

اقسام قصر اضافی باعتبار مخاطب تین ہیں:(۱) قصر افراد۔(۲) قصر تعیین۔(۳) قصر قلب۔

یہ قصر صفت علی الموصوف اور قصر موصوف علی الصفۃ دونوں کے ساتھ متعلق ہیں۔

الفاظ قصر:(۱): نفی و استثناء۔(۲): انّما۔(۳): لا، بل اور لکن کے ذریعہ۔(۴): تقدیم ماحقہ التأخیر۔(۵): خبر پر الف لام لگانے سے۔(۶): مبتدا اور خبر کے درمیان ضمیر فصل لانے سے قصر واقع ہوتا ہے۔

باب ہفتم فصل و وصل

مقام وصل دو ہیں: (۱): دو جملوں کے درمیان کمال انقطاع ہو لیکن ترک عطف خلاف مقصود ہونے کا وہم ہو تو وصل ہوگا۔

(۲): دو جملوں کے درمیان نہ تو کمال انقطاع ہو اور نہ تو کمال اتصال ہو تو اس صورت میں وصل ہوگا۔

مقام فصل پانچ ہیں:

(۱): دو جملوں کے درمیان کمال اتصال ہو۔(۲): دو جملوں کے درمیان کمال انقطاع

ہو۔(۳): شبہ کمال اتصال ہو۔(۴): شبہ کمال انقطاع ہو۔(۵): کمال اتصال اور کمال انقطاع کے درمیان (توسط) ہوتو فصل ہوگا۔

باب ہشتم: مساوات، ایجاز اور اطناب

مساوات: جتنا مقصد ہو اتنے ہی الفاظ لانے کو مساوات کہتے ہیں۔

اقسام ایجاز دو ہیں: (۱): ایجاز قصر (۲): ایجاز حذف۔

اقسام ایجاز حذف: (۱): حذف کلمہ (۲): حذف جملہ (۳): حذف اکثر جملہ۔

اغراض ایجاز: (۱): یاد کرنے میں آسانی ہو (۲): سمجھانے میں آسانی ہو (۳): مقام تنگ ہو (۴): غیر مخاطب سے بات کو پوشیدہ رکھنا مقصود ہو (۵): آزردگی سے بچنے کے لئے ایجاز استعمال کرتے ہیں۔

اقسام اطناب: (۱): ذکر خاص بعد عام۔(۲): ذکر عام بعد خاص۔(۳): وضاحت بعد ابہام۔(۴) تکرار۔ (۵) جملہ معترضہ لانا۔(۶): تذییل: جاری مجری امثال اور غیر جاری مجری امثال۔(۷): احتراس۔(۸): تکمیل۔(۹): ایغال۔(۱۰): تتمیم۔

اغراض خلاف مقتضی الظاہر: (۱): وضع المظہر موضع المضمر (۲): وضع المضمر موضع المظہر۔ (۳): مستقبل کو لفظ ماضی سے تعبیر کرنا۔(۴): تغلیب۔(۵): قلب۔(۶): التفات۔

علم البیان

علم البیان:......(۱): تشبیہ۔(۲): مجاز۔(۳): کنایہ پر مشتمل ہے۔

اجزاء تشبیہ چار ہیں:......(۱): مشبہ۔(۲): مشبہ بہ۔(۳): حرف تشبیہ۔(۴): وجہ شبہ۔

الفاظ تشبیہ یہ ہیں:......(۱): کاف۔(۲): کـأنّ۔(۳): شبہ۔(۴): مثل۔(۵): یشابہ۔ (۶): یماثل۔(۷): یحکی۔

اقسام تشبیہ باعتبار حسی وعقلی چار ہیں :(۱):مشبہ اور مشبہ بہ دونوں حسی ہوں۔(۲): دونوں عقلی ہوں۔(۳):مشبہ حسی اور مشبہ بہ عقلی ہوں۔(۴):مشبہ بہ حسی ہواور مشبہ عقلی ہو۔

اقسام تشبیہ باعتبار طرفیہ چار ہیں :(طرفیہ یعنی مشبہ اور مشبہ بہ)(۱) تشبیہ مفرد بمفرد۔(۲): تشبیہ مرکب بمرکب۔(۳):تشبیہ مفرد بمرکب۔(۴):تشبیہ مرکب بمفرد۔

اقسام تشبیہ باعتبار وجہ شبہ چار ہیں:(۱) تشبیہ تمثیل۔(۲):تشبیہ غیر تمثیل۔پھر ہر ایک کی دو قسم ہیں۔(۳):وجہ شبہ مذکور ہوتو تشبیہ مفصل۔(۴):اور وجہ شبہ مذکور نہ ہوتو تشبیہ مجمل ہوگی'

اقسام تشبیہ باعتبار ادات دو ہیں: (۱):حرف تشبیہ مذکور ہوتو مرسل۔(۲): اور مذکور نہ ہو مؤکد۔(۳):اور اگر نہ حرف تشبیہ مذکور ہواور نہ تو وجہ شبہ تو تشبیہ بلیغ ہوگی۔(۴):اور تشبیہ الٹ دی جائے تو تشبیہ مقلوب ہوگی۔

اغراض تشبیہ :(۱):امکان مشبہ بتانا۔(۲):بیان حال مشبہ۔(۳):بیان مقدار حالت۔(۴):تقریر حالت۔(۵):تحسین۔(۶): تقبیح بیان کرنا۔

باب دوم مجاز

اقسام مجاز :......(۱): لفظ غیر ماوضع لہ میں استعمال ہوتو مجاز لغوی ہے۔(۲): اور اگر فعل اپنے فاعل کے علاوہ کی طرف منسوب ہوتو مجاز عقلی ہے۔

اقسام مجاز لغوی کی دو قسمیں ہیں:......(۱):مفرد۔(۲):مرکب۔

اقسام مجاز لغوی باعتبار واسطہ دو ہیں :......(۱):اگر واسطہ تشبیہ کا ہوتو استعارہ۔(۲):اور اگر واسطہ تشبیہ کے علاوہ کا ہوتو مجاز مرسل ہے۔

اقسام استعارہ باعتبار طرفین دو ہیں :......(۱):تصریحیہ۔(۲):مکنیہ۔

اقسام استعارہ باعتبار لفظ مستعار دو ہیں:......(۱):اصلیہ۔(۲):تبعیہ۔

اقسام استعارہ باعتبار ملائم تین ہیں:.......(۱): مجردہ۔(۲): مرشحہ۔(۳): مطلقہ۔

علاقہ مجاز مرسل :...... (۱):سببیت۔(۲):مسببیت۔(۳): جزئیت۔ (۴): کلیت۔ (۵): محلیت۔(۶): حالیت۔ (۷): اعتبار ما کان۔ (۸): اعتبار ما یکون۔(۹):تسمیۃ الشئ باسم آلتہ۔(۱۰):تسمیۃ الشئ باسم فاعلہ۔(۱۱):تسمیۃ الشئ باسم مفعولہ۔(۱۲):استعمال المفرد بدل الجمع۔(۱۳):استعمال الجمع بدل المفرد۔

اقسام مجاز مرکب :.......(۱):تشبیہ کا علاقہ ہوتو استعارہ تمثیلیہ۔(۲): اوراس کے علاوہ کا علاقہ ہوتو مجاز مرسل مرکب ہے۔

علاقہ مجاز عقلی:.......کہ فعل اپنے فاعل کے علاوہ کی طرف منسوب ہوتا ہے اوروہ یہ ہیں:

(۱): زمانیت۔(۲): مکانیت۔(۳): فاعلیت۔(۴):مفعولیت۔(۵): مصدریہ۔(۶) سببیت۔(۷):اضافت۔

باب سوم کنایہ

اقسام کنایہ باعتبار مکنی عنہ:......(۱):مکنی عنہ صفت قریبہ ہو۔(۲):مکنی عنہ نسبت ہو۔ (۳):مکنی عنہ موصوف ہو۔

اقسام کنایہ باعتبار وسائط:.......(۱):تلویح۔(۲):رمز۔(۳):اشارہ۔(۴):تعریض۔

علم البدیع

اقسام بدیع دو ہیں:.......(۱):محسنات معنویہ۔(۲):اورمحسنات لفظیہ۔

(۱):اَلتَّوْرِيَةُ،(۲):اَلطِّبَاقُ،(الف):طِبَاقُ اِيْجَابٍ،(ب): طِبَاقُ سَلْبٍ، (ج):اِيْهَامُ التَّضَادِ،(د):اَلتَّدْبِيْجُ،(۳):اَلْمُقَابَلَةُ،(۴):مُرَاعَاةُ النَّظِيْرِ،(۵): اَلْاِسْتِخْدَامُ، (۶): اَلْجَمْعُ،(۷): اَلتَّفْرِيْقُ،(۸):اَلتَّقْسِيْمُ، (۹):اَلتَّفْسِيْرُ،(۱۰):اَلطَّيُّ

وَالنَّشْرُ،(۱۱):اَلْاِیْضَاحُ،(۱۲):اَلْجَمْعُ مَعَ التَّفْرِیْقِ ،(۱۳):اَلْجَمْعُ مَعَ التَّقْسِیْمِ ، (۱۴):تَاکِیْدُ الْمَدْحِ بِمَا یَشْبَہُ الذَّمَّ ، (۱۵):تَاکِیْدُ الذَّمِّ بِمَا یَشْبَہُ الْمَدْحُ ، (۱۶) : اَلْھَزْلُ یُرَادُ بِہِ الْجِدُّ ،(۱۷):اَلْھُجُوُّ فِیْ مَعْرَضِ الْمَدْحِ ،(۱۸):حُسْنُ التَّعْلِیْلِ ،(۱۹): اِئتِلَافُ اللَّفْظِ مَعَ الْمَعْنٰی،(۲۰):اُسْلُوْبُ الْحَکِیْمِ ،(۲۱):اَلْاِلْتِفَاتُ،(۲۲):تَجَاھُلُ الْعَارِفِ،(۲۳): اِرْسَالُ الْمِثْلِ ، (۲۴):اَلْکَلَامُ الْجَامِعُ ،(۲۵):اَلْمُبَالَغَۃُ ،(الف): اَلتَّبْلِیْغُ ،(ب):اَلْاِغْرَاقُ ،(ج): اَلْغُلُوُّ ، (۲۶):اَلتَّلْمِیْحُ (۲۷): اَلْعُنْوَانُ ، (۲۸) : اَلنَّزَاھَۃُ ،(۲۹):تَشَابُہُ الْاَطْرَافِ۔

اقسام محسنات لفظیہ :

(۱):اَلْجَنَاسُ، (الف):جناس تام، (ب):جناس ناقص، (۲):اَلسَّجْعُ ، (۳):اَلْاِقْتِبَاسُ، (۴):اَلْعَقْدُ،(۵):اَلْحِلُّ،(۶):اَلتَّضْمِیْنُ ،(۷):اَلْاِیْدَاعُ ،(۸):اَلْاِسْتِعَانَۃُ،(۹):سَرَقَاتُ الْکَلَامِ ،(۱۰):اَلْاِلْمَامُ وَالسَّلْخُ۔

خاتمہ

(۱):حسن ابتداء۔(۲):براعۃ استہلال۔(۳):حسن التخلص۔(۴):حسن انتہاء۔

بعض اقسام محسنات بدیعہ:(۱):تشابہ الاطراف۔(۲): التشریع۔(۳):العکس۔(۴): التردید۔(۵):التکرار۔(۶):مالایستحیل بالانعکاس۔(۷): الترتیب۔(۸): التعدید۔ (۹):التوزیع۔(۱۰):الالتزام۔(۱۱):الحذف۔

نوٹ:......مذکورہ اصطلاحات کے ترجمے اورفنی تفاصیل کے لئے''سفینۃ البلغاء'' کا گہرا مطالعہ فرمائیں۔ان چند صفحات میں یادداشت کے لئے خلاصہ لکھ دیا گیا ہے۔

محمد ثمیر الدین قاسمی

سفینۃ البلغاء پر ایک تبصرہ

کا احتساب

از: مفتی رشید احمد فریدی

فاضل جامعہ اسلامیہ ڈابھیل، مدرس مدرسہ مفتاح العلوم تراج
ضلع سورت، گجرات، الہند

مع مکتوب گرامی:
حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب اعظمی دامت برکاتہم

بسم الله الرحمن الرحيم

پیش لفظ

ایک معاصر عالم کی طرف سے راقم الحروف کو ایک مختصر سا رسالہ موصول ہوا، جس میں ''سفینۃ البلغاء'' پر ایک تبصرہ تھا، چونکہ راقم الحروف نے اس کی شرح لکھی تھی، اس لئے باوجود یہ کہ اسی وقت جواب میں کئی باتوں کی طرف ذہن منتقل ہوا، مگر اس کا جواب دینا اس لئے مناسب نہ لگا کہ شاید کسی کو یہ خیال آئے اس نے شرح لکھی ہے اس لئے ''سفینہ'' کی تائید کر رہا ہے۔ چند روز ہی گذرے تھے کہ مولانا مفتی رشید احمد صاحب فریدی مدظلہم کی طرف سے اس کے جواب پر مشتمل ایک احتساب ملا، بغور پڑھا، اس کے بعد حضرت الاستاذ مولانا فضل الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم کا گرامی نامہ موصول ہوا، ان دونوں تحریروں میں اس تبصرہ کا شافی جواب آ گیا، اب جبکہ ''سفینہ'' کی شرح دوسری مرتبہ طبع ہو رہی ہے تو باوجود نہ چاہنے کے بعض احباب کے اصرار و اکابر کے حکم کی تعمیل میں ان تحریرات کو شرح کے آخر میں شامل اشاعت کر رہا ہوں۔

پہلے صاحب تبصرہ کا تبصرہ' پھر استاذ محترم حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب دامت برکاتہم کا گرامی نامہ، اس کے بعد مولانا مفتی رشید احمد صاحب فریدی کا قدرے تفصیلی جواب اور آخر میں چند اپنی باتیں پیش کرتا ہوں۔ میرے پیش نظر نہ صاحب تبصرہ کی تذلیل ہے اور نہ ان کا تعاقب، البتہ ان کی رائے سے عدم اتفاق کا اظہار ضروری سمجھ کر ان تحریرات کو شامل اشاعت کر رہا ہوں۔ امید ہے کہ قارئین کے لئے حقیقت کو سمجھنا آسان ہو گا۔

فقط:

مرغوب احمد لاجپوری

سفینۃ البلغاء پر ایک تبصرہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بخدمت گرامی قدر

السلام علیکم و رحمۃ اللہ وبرکاتہ

فن بلاغت کی مشہور کتاب ''سفینۃ البلغاء'' تقریبا نصف صدی سے زائد عرصے سے جنوبی ہند کے متعدد عربی مدارس میں ''مختصر المعانی'' سے قبل بطور تمہید وتوطئہ برابر پڑھائی جارہی ہے۔ راقم الحروف کو بھی متعدد بار اس کے پڑھانے کا اتفاق ہوا ہے، دوران تدریس اس کی مثبت یا منفی جو چند باتیں بحیثیت ایک طالب علم میں سمجھا ہوں، ملے جلے ان ہی تأثرات کو آنحضرت مدظلہ کی خدمت بابرکت میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ امید کہ اپنی رائے عالی سے سرفراز فرمائیں گے۔

یہ کتاب اگرچہ نئے انداز' آسان ترتیب اور تمرینات کی کثرت وتنوع کے لحاظ سے آج کی عصری' لادینی تعلیم کے ذوق ومزاج کے عین موافق ہے، مگر اس کی بعض باتیں ہماری خالص اسلامی فکر اور ٹھیٹ دینی عقیدے سے ہم آہنگ نظر نہیں آرہی ہیں، کیونکہ اس کے مصنفین غیر مسلم بلکہ غالی عیسائی مبلغین (مستشرقین) ہیں، جو ''ان ھذا العلم دین فانظروا عمن تاخذون دینکم'' (مشکوۃ شریف) کے صریح خلاف ہے۔

اور یہ بات تو بہت واضح ہے کہ دینی مدارس میں داخل بلاغت کی کتابوں کا واحد مقصد قرآن وحدیث کا سمجھنا اور سمجھانا اور فہم قرآن میں مہارت پیدا کرنا ہوتا ہے اور اعجاز قرآنی میں بصیرت کا حصول ہے، نہ یہ کہ وہ کسی مخصوص خطۂ زمین پر بولی جانے والی زبان ہے اور نہ یہ مقصد ہے کہ تیل کی دولت سے ریل پیل ممالک عربیہ سے کسی مادی یا معاشی منفعت

کے حصول کا اُدات و ذریعہ ہے، اب ظاہر ہے کہ عربی زبان کو مقدس اسلامی اور قرآنی زبان کی حیثیت سے دینی فریضہ سمجھ کر پڑھنے والا طالب علم اسلام' قرآن' سنت' پیغمبر' صحابہ وغیرہ شعائر دین کے خلاف کسی بھی بات کو ہرگز گوارا نہیں کرسکتا، حالانکہ ان مصنفین نے اپنی کتابوں میں متعدد مواضع پر اپنے عقائد کی ترویج واشاعت کی کوشش کی ہے۔ مثلاً خطبے میں ''الحمد لله الذی خلق الانسان علی صورته کمثاله '' کے الفاظ سے اپنے مشہور عقیدۂ حلول وتجسد حلول کو داخل کر کے عیسائی عقائد کا پرچار کیا ہے، حالانکہ یہ عقیدہ ارشاد ربانی ''لیس کمثله شئی '' سے صاف متصادم ہے۔

دراصل یہ کتاب ایک عیسائی پادری '' الاخ بلاج '' کی تالیف ہے۔ اس کا ایک پرانا نسخہ جامعہ اسلامیہ ڈابھیل کے کتب خانے میں موجود ہے، جو چھوٹی تقطیع میں باسٹھ (۶۲) صفحات پر مشتمل ہے اور یہ نسخہ تمرینات اور اسئلہ سے عاری ہے، اس کے ہر صفحے کے بورڈ میں اور دوسری متعدد جگہوں میں بیل بوٹوں' ڈیزائن وغیرہ' تزیین کاری و آرٹ کے لبادے میں تثلیث وصلیب کو گھسا کر عیسائی مشن کا حق ادا کیا ہے، جو ادنی تأمل سے صاف نظر آئے گا، اس کی سن اشاعت ۱۹۰۷ء ہے۔

استشراق یعنی علوم شرقیہ (اسلامیہ) حاصل کرنے والوں کی ایک ڈگری کا نام 'الاخ' ہے' جسے انگریزی میں '' بردھر '' اور اردو میں '' برادر '' کہیں گے، اور اس سے اوپر دوسری اعلی ڈگری کا نام ''الاب' فادھر' پوپ '' کی ہے جیسے عربی کے مشہور ومعروف لغت ''المنجد کا مرتب لویس معلوف الیسوعی بھی '' الاب '' کے لقب سے ملقب تھا، اس کتاب کا دوسرا نسخہ بھی جامعہ ڈابھیل کے کتب خانے میں موجود ہے، جس پر ''حقوق الطبع محفوظة لاخوة المدارس المسیحیة '' کی عبارت رقم ہے، اس میں تمرینات' اسئلہ اور حاشیے کا اضافہ ہے

اوراس پر کسی ایک مؤلف کے نام کے بجائے ’’لفیف من الاساتذۃ ‘‘(علماء کی ایک کمیٹی) کا مبہم عنوان موجود ہے، لگتا ہے کہ کسی ایک راہب نے اسئلہ اور دوسرے نے تمرینات اور تیسرے نے حاشیہ تیار کیا ہوگا۔

مؤلفین کے اصلی ناموں کے اخفاء کے پیچھے تواضع یا اخلاص کا پا کیزہ جزبہ نہیں، بلکہ در حقیقت ان کا یہ کامل یقین کارفرما ہے کہ اصلیت وحقیقت کے کھل جانے کی صورت میں بحیثیت مسلمان کوئی مسلمان اسے ہاتھ نہیں لگائے گا اور یہی وجہ ہے کہ یہ لوگ اپنی بسملہ یعنی ’’باسم الاب والابن والروح القدس ‘‘ بھی نہیں لکھ سکے، ہاں یہ بھی نہیں ہوسکا کہ مسلمانوں کا بسملہ یعنی ’’بسم اللہ الرحمن الرحیم ‘‘ لکھ دیتے، کیونکہ یہ ان کے عقیدے کے خلاف ہوجاتا، لہذا بین بین کا طریقہ یعنی ’’بسم اللہ الفتاح الھادی الی سبل النجاح ‘‘ کہہ کر راستہ نکال لیا، دیکھئے! بسملہ کی تعریف میں مشہور پوپ معلوف یسوعی ’’المنجد‘‘ میں یوں رقم طراز ہیں: البسملۃ عند النصاری باسم الاب والابن والروح القدس وعند المسلمین، بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اور یہی وجہ ہے کہ حمدلۃ اور بسملہ کے بعد جہاں صلوۃ وسلام کی نوبت آئی تو ہمارے پیغمبر حضرت محمد مصطفی ﷺ کے نام مبارک کی تصریح تو نہیں ہوسکی اور سیدنا حضرت عیسی علیہ السلام کا نام بھی ذکر نہ کر سکے، کیونکہ پہلی صورت میں ان کے عقیدے کی خلاف ورزی ہوتی اور دوسری صورت میں ان کی اصلیت وحقیقت کے آشکارا ہونے کا خطرہ تھا، اس لئے قدیم نسخہ میں ’’والصلوۃ والسلام علی کل نبی و آلہ‘‘ کہہ کر لپیٹ دیا گیا اور نسخہ طبعۂ ثانیہ میں صلوۃ وسلام کو سرے سے اڑا ہی دیا گیا۔

منجملہ ان کی عیاریوں کے ایک یہ شعر بھی ہے ؎

لعمری وما عمری علی بھین　　　لقد نطقت بطلا علی الاقارع

میری زندگی کی قسم اور میری عمر میری نظر میں کوئی معمولی نہیں، بلاشبہ اقرع کی اولاد نے میرے خلاف جھوٹی بات کہی ہے۔

اس میں الاقارع کے حاشیہ میں ''الاقارع' ھم آل اقرع من حابس و مرثد اخیہ '' کے الفاظ کے ذریعہ ایک مشہور ومعروف صحابی رسول (ﷺ) کی ہتک حرمت کی کوشش کی گئی ہے، کیا انہیں عربی کے ذخیرے میں جملہ معترضہ کے دوسری مثالیں دستیاب نہ تھیں؟

دراصل یہ کتاب چار مصری مسلمان ماہرین تعلیم وتربیت کی مرتب کردہ کتاب ''دروس البلاغۃ'' اور السید احمد الہاشمی کی ''جواہر البلاغۃ'' سے زیادہ تر ماخوذ ہے اور فقرے کے فقرے ہو بہو من وعن ہماری ان ہی کتابوں سے نقل کردیئے گئے ہیں اور یہ توفیق نہ ہوئی کہ اصل مصدر ومرجع کا شکریہ یا کم ازکم حوالہ ہی ذکر کردیتے، جبکہ دوسری طرف بالفرض اگر کہیں کوئی خامی یا نقص اتفاق سے نظر آیا تو اس پر اس کتاب کا نام لے کر تنقید کرنے سے باز نہ آئے اور داد تحقیق کا زریں موقع ہاتھ سے جانے نہ دیا، جیسا کہ ''سفینہ'' کے قدیم نسخے کے صفحے ۳۸ر کے حاشیہ میں دیکھا جاسکتا ہے، اور لطف کی بات یہ ہے کہ یہ تنقید بھی خود ان کی خانہ زاد نہیں آخر ''المنہاج الواضح'' جیسی دوسری بڑی کتابوں ہی سے ماخوذ ہے۔

خدا بھلا کرے دارالعلوم دیوبند کی نصاب کمیٹی کے رکن اساتذہ کا کہ انہوں نے ''مختصر المعانی'' سے قبل بطور تمہید وزینۂ اول کے اپنے نصاب میں ''دروس البلاغۃ'' جیسی اہم و مفید کتاب کو دیر سویر مگر شامل فرمایا، فجزاھم اللہ احسن الجزاء۔

حسن اتفاق سے راقم الحروف کو ''سفینہ'' اور ''دروس'' دونوں ہی کتابیں پڑھانے کا متعدد بار موقع ملا ہے، آٹھ دس سالہ تجربے کی روشنی میں کم سے کم یہ ضرور کہہ سکتا ہوں کہ

''دروس البلاغۃ'سفینۃ البلغاء'' کے مقابلہ میں بچند وجوہ بدرجہاں لائق و فائق ہے، ان وجوہات میں سے بعض کو ذیل میں درج کیا جارہا ہے۔

(۱)......وجہ اول تو یہ ہے کہ یہ کتاب ہماری خود اپنی ہے، جبکہ وہ غیروں کی۔

(۲)......وجہ دوم یہ کہ ''دروس البلاغۃ'' بمقابل ''سفینۃ'' کے نہایت آسان ہے اور ارشاد نبوی ''یسرا ولا تعسرا' بشرا ولا تنفرا'' کے عین موافق ہے جبکہ ''سفینۃ'' زیادہ مشکل ہے، کیونکہ اس کی کوئی جامع ومکمل ایسی شرح نہیں جو اس کے مغلقات کو حل کر سکے (اگرچہ ہمارے بعض اہل علم نے اس پر بڑی جانکاہی فرمائی ہے، فشکر اللہ مساعیھم الجمیلۃ) اور اس کی تمرینات کے مراجع ومصادر کا حوالہ بھی نہیں دیا گیا ہے، حالانکہ اس سے سابقہ پڑتا ہے ایسے طلباء کو جو مبتدی ہیں اور ایسے اساتذہ کو جو نوخیز ونو آموز ہیں۔

(۳)......تیسری وجہ یہ ہے کہ حل مغلقات کے لئے ان مدرسین میں اگر مطلوبہ حوصلہ وجزبہ ہے بھی تو مدارس کے کتب خانوں میں امہات فن کی قلت ان کی راہ میں حائل و مانع بن جاتی ہے۔

(۴)......چوتھی وجہ یہ ہے کہ ''سفینۃ'' میں متعدد جگہ ایسے سوالات بھی پوچھتے گئے ہیں جن کے اسباق ابھی دس بیس صفحات کے بعد آنے والے ہیں، اس میں کہاں تک معقولیت ہے؟ لگتا ہے کہ اتنی فحش غلطی کا سبب اسباق وسوالات کے مرتب کا ایک نہ ہونا ہے۔

(۵)......پانچویں وجہ یہ ہے کہ بعض اسئلۃ ایسے مسائل وقواعد کے متعلق بھی ہیں جن کا ذکر پوری کتاب میں کہیں نہیں ہے، فی الواقع یہ سوالات بعض مطولات فن کے ہیں جن کو بے سوچے سمجھے نقل کر دیا گیا ہے، نقل راچہ عقل۔

(۶)......چھٹی وجہ یہ ہے کہ ''دروس البلاغۃ'' میں بمقابلہ ''سفینۃ'' کے مسائل بلا شبہ بہت

زیادہ ہیں، دونوں کتابوں کی فہرست مضامین پر ایک طائرانہ نظر ڈالنے سے یہ بات بہت جلد واضح ہوجائے گی۔

(۷)......ساتویں وجہ یہ ہے کہ ''دروس البلاغۃ'' میں قرآن کریم کے شواہد وامثلہ کی بہتات ہے، اوراسی سے ایک دینی مدرسے کے طالب علم کی غرض وابستہ ہے۔

الغرض جبکہ ایک طرف مؤلف سفینہ اپنی کتاب کے مقدمے میں ''طلب الی ان اضیف الی مصنفا تی کتابا فی البلاغۃ یغنیہ عما سواہ من کتب وضعھا القوم فاتیت بھذہ الخلاصۃ'' کہہ کر ''سفینہ'' کو مسلمانوں کی کتابوں اوران کے نصاب سے مستغنی وبے نیاز کرنے والی ہونے کا دعوی کررہے ہیں، جبکہ دوسری جانب ہم ہیں کہ ان دشمنان اسلام کی کتاب کو ''دروس البلاغۃ' المنھاج الواضح' جواہر البلاغۃ'' اور ''علوم البلاغۃ'' جیسی ہماری اپنی اورقرآن وحدیث کی مثالوں سے لبریز اوران دونوں سے قریب تر کرنے والی عمدہ کتابوں کے باوجود زیر بحث اس کتاب سے مستغنی اور بے نیاز نہیں ہو پارہے ہیں، جو ہم سب کے لئے لمحۂ فکر یہ ہے۔

امید ہے کہ اپنی گراں قدر رائے اور مفید مشوروں سے نوازیں گے۔ اللہ تعالی آپ کے سایۂ عاطفت کو ہمارے سروں پر تادیر بسلامت باقی رکھے، آمین۔ والسلام مع الاحترام

حررہ الفقیر الی اللہ الغنی

رشید احمد

۱۹/ذی قعدہ ۱۴۲۰ھ

تأثرات بر تبصرہ

از: شیخ الحدیث حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب اعظمی مدظلہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عزیز محترم جناب مولانا رشید احمد سیلوڑی سلمہ وعافاہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بحمد اللہ میں خیریت سے ہوں۔آپ کا مکتوب گرامی اور اس کے ساتھ ایک کتابچہ موصول ہوا، جس سے خیریت اور حالات کا علم ہوا۔''سفینۃ البلغاء'' پر تبصرہ اور اس پر ممتاز اہل علم کی آراء گرامی بھی پڑھی، دوسروں کو بھی پڑھنے دیا۔اس سے خوشی ہوئی کہ'' دروس البلاغۃ'' پر آپ نے تصحیح اور تعلیق کا کام کیا ہے۔اور اس کی اردو شرح بھی تیار کرلی ہے۔اللہ کرے طبع ہوجائے۔اور اس سے اہل علم اور طلبۂ علم نبوت کو فائدہ ہو، اور آپ کے لئے صدقہ جاریہ ہو۔

''سفینۃ البلغاء'' پر آپ کا جو تبصرہ ہے، میں اس پر پورے طور پر متفق نہیں ہوں، پڑھنے کے بعد میں غور کرتا رہا، دوبارہ بھی پڑھا، لیکن افسوس کہ اتفاق نہیں کرسکا۔جن ممتاز علماء نے تحریریں لکھی ہیں وہ آپ کی تحریر سے متأثر ہوکر...... نفس کتاب سے ضرر یا نفع کا ان کو براہ راست علم نہیں۔

اپنے اپنے ذوق کے مطابق ایک فن کی مختلف کتابوں میں راجح، مرجوح کے درجات قائم کرسکتے ہیں۔کون سی زیادہ مفید ہے اور کون سی کم، اس پر گفتگو کی جاسکتی ہے۔اس میں اختلاف بھی ہوگا۔اس لئے مختلف مدارس میں مختلف کتابیں پڑھائی جاتی ہیں۔کتابوں کا انتخاب عام طور سے مشورہ ہی سے ہوتا ہے۔ایک عالم کی رائے پر نہیں۔حضرت مولانا محمد

سعید بزرگ کے زمانہ میں بھی کتابوں کی تبدیلی عمل میں آئی، لیکن مشورہ سے، لیکن جو کتابیں نکالی گئی اس کے خلاف ایسا مضمون نہیں لکھا گیا، جس سے متقدمین اساتذہ کی تجہیل اور ناعاقبت اندیشی کا شبہ ہو۔ یا کوئی ایسی تقریر کسی نے نہیں کی جس کی زد کسی پر پڑے۔

آپ کی تحریر پڑھ کر میں یہ سوچنے لگا کہ یہ کتاب حضرت مولانا احمد بزرگ رحمہ اللہ کے دور اہتمام میں داخل نصاب نظر آرہی ہے، حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی رحمہ اللہ، حضرت مولانا عبد الرحمٰن صاحب امروہی رحمہ اللہ اور حضرت مولانا بدر عالم صاحب میرٹھی رحمہ اللہ' اس وقت جامعہ کے بڑے اساتذہ تھے۔ حضرت علامہ انور شاہ صاحب کشمیری رحمہ اللہ کے تلامذہ میں سے حضرت مولانا ادریس صاحب سکھروڈوی رحمہ اللہ بھی تھے۔ ان کے پاس بھی یہ کتاب تھی۔ اس وقت مصر سے جو نسخے اس کتاب کے آئے تھے، ان کے دیکھنے سے ان حضرات کو بھی اس کا علم رہا ہوگا کہ یہ کتاب مصر کے عیسائیوں کے مدرسہ سے شائع ہوئی ہے۔ ایسا تو نہیں کہ صرف آپ کو اور ہم کو ہی اس کا علم ہے۔ اس کے باوجود ان حضرات نے اس کتاب کو داخل نصاب کیا، اور پڑھاتے رہے، ''دروس البلاغۃ'' اور دیگر اس فن کی کتابوں کا علم ان کو بھی رہا ہوگا، ان حضرات میں سے کسی کو بھی اگر اس کا احساس ہوتا کہ اس سے عیسائیت کی تبلیغ ہورہی ہے یا ان کا عقیدۂ حلول یا عقیدہ تشبیہ (تثلیث) ہمارے طلباء میں منتقل ہورہا ہے، تو ایک منٹ کے لئے بھی وہ اس کو گوارہ نہ کرتے۔

آپ کی تحریر پڑھنے کے بعد (اگر اس کو صحیح مان لیا جائے) تو پھر اس کتاب کے داخل نصاب رہنے کا کوئی سوال ہی نہیں رہتا۔ اسی لئے جن علماء نے آپ کی تحریر پڑھی، انہوں نے اس کی تائید کی، مگر مجھے معلوم نہیں کہ کسی طالب علم کو اس کتاب سے اس نوع کا کوئی نقصان ہوا ہو۔

اگر اس طرح سوچا جائے تو ''دیوان متنبیّ'' میں کفریہ اشعار ہیں، اور متنبیّ ایسا شخص تھا کہ نہ کبھی نماز پڑھی، نہ روزہ رکھا، دوسری طرف نبوت کا دعوی کیا، اس کی کتاب کو مدرسہ میں پڑھانے کا کیا جواز ہے؟ ہمارا مقصد تو قرآن وحدیث ہے، لیکن یہ کتاب بہت سارے مدارس میں داخل نصاب ہے۔ ''دیوان حماسۃ'' کو لیجئے، کفار ومشرکین شعراء کا کلام ہے۔ اس کو مدارس میں کیوں داخل نصاب کیا گیا تھا؟ ڈابھیل میں یہ کتابیں داخل نصاب تھیں، متنبیّ میں نے خود کئی سال پڑھائی ہے۔

سوچنے کا ایک اور انداز یہ بھی ہوسکتا ہے کہ ہم ادب عربی دینی کتابوں سے پڑھائیں گے، چنانچہ بعض جگہوں پر ''حیاۃ الصحابۃ'' کو داخل نصاب کیا گیا، اور ترجمۂ قرآن کو بھی ادب کی جگہ پر مانا گیا، لیکن معلوم ہے کہ پہلے کے لوگوں نے عربی جیسی سیکھی، اور پہلے کے لوگوں میں دین داری اور پرہیز گاری جتنی تھی بعد کے لوگوں میں نہیں دیکھی گئی عمومی طور پر۔

''المنجد'' کا حال معلوم ہے کہ عیسائی کی تصنیف ہے، اس میں کچھ غلطیاں بھی ہیں، جن پر بعض علماء نے تنبیہ بھی فرمائی ہے، لیکن ہمارا کوئی کتب خانہ اس سے خالی نہیں، اور بڑے بڑے ادباء اور علماء کے سامنے یہ لغت رکھی رہتی تھی۔ اسی طرح دیگر کتب مستشرقین سے ہمارے علماء کرام ہمیشہ استفادہ کرتے رہے، یہ کہہ کر رد نہیں کیا کہ یہ غیر مسلم کی کتاب ہے۔

ہمارے مدارس میں بعض کتابیں ایسی بھی پڑھائی جاتی ہیں جن میں سرے سے بسم اللہ ہی نہیں ہے۔ اور ایسی تو بہت سے کتابیں ہیں جن میں صرف بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہے، نہ صلوۃ وسلام اور نہ شہادتین۔ تو ''سفینۃ البلغاء'' میں صرف بسم اللہ کا ہونا کیونکر قابل اعتراض ہوا۔ ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' بیشک افضل ہے لیکن ''کل امر ذی بال'' والی حدیث پر عمل

کرنے کے لئے ''الرحمٰن الرحیم'' کہنا یا لکھنا ضروری نہیں۔ کھانے وغیرہ کے شروع میں بھی یہی حکم ہے۔ بہت سے لوگ خطوط وغیرہ میں ''باسمہ تعالیٰ'' استعمال کرتے ہیں، ان پر کیا حکم لگے گا؟

''سفینۃ'' کے شروع میں ''خلق الانسان علی صورته'' بھی قابل اعتراض نہیں ہونا چاہئے، صحیحین کی حدیث میں ''خلق الله آدم علی صورته'' آیا ہے، ہمارے علماء اس پر بھی متفق ہیں کہ اللہ تعالیٰ شکل وصورت سے منزہ ہیں۔ ہاں بیشک ''کمثاله'' ہمارے یہاں نہیں بولا جاتا، لیکن صورت کی تاٗویل ہوسکتی ہے، تو اس کی بھی ہوسکتی ہے۔ امثال کے ابواب میں ترمذی میں جو احادیث مروی ہیں جن میں آنحضرت ﷺ نے اپنی مثال بیان فرمائی ہے اگر ان کی تطبیق کرنے جائیں تو ان میں مثل کا لفظ اللہ تعالیٰ پر بولنا لازم آئے گا۔ اگر اس طرح کی نصوص سے تشبیہ لازم نہیں آتی تو یہاں آپ کیوں اتنی بھیانک صورت پیش کر رہے ہیں؟

''لقد نطقت بطلاً علی الاقارع'' پر جو حاشیہ آپ نے لگایا ہے یعنی اس سے جو نتیجہ اخذ کیا ہے وہ بھی عجیب ہے، صحابی رضی اللہ عنہ کا تو اس میں تذکرہ ہی نہیں، ان کی اولاد کا ذکر ہے، پھر صحابی کی بے حرمتی کیسے ہوئی؟ کوئی یزید بن معاویہ کی شکایت کرے تو یہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی توہین ہے؟ پھر اگر بے حرمتی ہے تو شاعر نے بے حرمتی کی ہے نہ کہ کتاب کے مصنف نے (ہتک حرمت معلوم نہیں کہاں سے معلوم ہوئی۔ شاعر بھی اپنے اوپر سے مدافعت کر رہا ہے کہ مجھ پر غلط بات کہی گئی)، اور اسی موقع پر دوسرا شعر بھی مذکور ہے، صرف یہی شعر تو نہیں ہے۔

پھر آپ کے کلام میں تضاد بھی محسوس ہو رہا ہے، ایک طرف آپ یہ لکھتے ہیں کہ ''یہ

کتاب بیشتر ہماری دو کتابوں سے ہو بہو منقول ہے'' اھ۔ پھر تو یہ ہماری ہی کتاب ہے، دوسروں کا صرف نام ہے، موجودہ نسخہ پر تو ان کا نام بھی نہیں۔ کہیں تنقید ہے تو اس پر آپ طعن کررہے ہیں۔ پھر یہ بھی لکھتے ہیں کہ'' یہ تنقید بھی ہماری کتابوں سے ماخوذ ہے'' اھ۔ پھر مصنفین پر اعتراض کیوں؟ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کتاب سے متنفر کرنے کے لئے آپ نے بڑی محنت سے نکتے تلاش کئے ہیں اور جن لوگوں نے یہ کتاب پڑھی یا پڑھائی نہیں ہے ان کو ہم خیال کرنے میں کامیاب ہیں۔'' واللہ اعلم بقلوب عبادہ ونیاتھم''۔

میرا مقصد اس تحریر سے قدیم اساتذۂ جامعہ اور دیگر مدارس سے مدافعت ہے، میں نہیں کہتا کہ یہ کتاب سب سے اچھی اور مفید ہے، تاہم یہ کہہ سکتا ہوں کہ کوئی ضرر اور نقصان نہیں، بلکہ ایک مفید کتاب ہے۔ اس کی تمرینات مشکل ہیں اور مشکل کتاب محنت طلب ہوتی ہے اور محنت سے فائدہ ہوتا ہے۔

اگر سہولت پیش نظر ہو تو '' دروس البلاغۃ'' مناسب ہوسکتی ہے، اس سے مجھے انکار نہیں، لیکن مفید بھی زیادہ ہوگی اس کے متعلق کچھ نہیں کہہ سکتا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

تحریر میں تھوڑی تندی ہے، اس احساس پر کہ قدیم اساتذہ کی تجہیل آپ کی تحریر سے لازم آتی ہے، ورنہ میں آپ کو جانتا پہچانتا نہیں، ممتاز اہل علم کی تحریر آپ کے لئے کافی تھی، میں تو بہت دور ہوں، لیکن آپ نے مجھے لکھا تو میں نے'' المستشار مؤتمن'' کے پیش نظر اپنی رائے ظاہر کردی۔ اگر میری رائے پسند ہو تو بھی میرا کوئی فائدہ نہیں اور اگر ناپسند ہو تو بھی مجھے کوئی نقصان نہیں۔ والسلام۔

فضل الرحمٰن اعظمی

۳۰ر صفر ۱۴۲۱ھ مطابق ۴ر جون ۲۰۰۰ء، بروز اتوار

انتباہ

صاحب تبصرہ نے اپنا کتابچہ (سفینہ پر تبصرہ) مع خط حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب اعظمی دامت برکاتہم شیخ الحدیث مدرسہ عربیہ آزادویل افریقہ روانہ کیا تھا تاکہ آپ کا عندیہ حاصل کریں۔ حضرت مولانا نے جامعہ ڈابھیل میں حدیث وتفسیر اور فقہ کے ساتھ کئی سال تک ''سفینۃ البلغاء'' بھی پڑھائی ہے، اور آپ کی رائے اہم اور وقیع سمجھی جاتی ہے۔ آپ نے جوابًا اپنا تأثر ارسال فرمایا ہے۔ اس کے پڑھنے سے تبصرہ کی حقیقت روز روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ صاحب تبصرہ کا مطمح نظر کیا ہے۔

اس انتباہ کی ضرورت اس لئے محسوس ہوئی کہ صاحب تبصرہ نے اپنی شرح ''مفتاح البلاغۃ'' کے مقدمہ میں بھی ''سفینۃ البلغاء'' پر اپنے غیظ کا اظہار کیا ہے، اس لئے ''سفینۃ البلغاء'' کے متعلق کوئی فیصلہ احتساب اور حضرت مولانا کی تحریر کی روشنی میں مناسب ہوگا۔ فقط

رشید احمد فریدی

بسم الله الرحمن الرحيم

نحمده ونصلي على رسول الكريم، اما بعد :

علوم کی دو قسمیں ہیں: (۱) مقاصد (۲) وسائل ۔ مقاصد میں قرآن‘ حدیث‘ فقہ اوران کے اصول وغیرہ، اور وسائل میں صرف‘ نحو‘ لغت‘ ادب اور بلاغت جس میں معانی‘ بیان اور بدیع شامل ہے۔ وسائل بذات خود مقصود نہیں، بلکہ مقاصد کے لئے آلہ وذریعہ ہیں اوران کا سمجھنا موقوف ہے ذرائع کے سمجھنے پر، اس لئے موقوف علیہ کا جاننا اور سیکھنا بھی ضروری ٹھہرا۔

حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم فطرۃً اصحاب لسان ہونے کی وجہ سے ان وسائل سے گویا مستغنی تھے، یہی وجہ ہے کہ یہ سارے علوم بعد میں وجود آئے، اور مدون ہوئے، البتہ فہم معانی قرآن کے لئے جناب نبی کریم ﷺ کے بعد جب لغوی حقائق جاننے کی ضرورت پیش آئی تو شعرائے جاہلیت کا کلام جو فصاحت و بلاغت کے علاوہ حقائق لغوی و دقائق لسانی کا ذخیرہ تھا وہ فہم معانی کا وسیلہ اور ذریعہ بنا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے: ’’عليكم باشعار الجاهلية‘‘ جاہلیت کے اشعار کو لازم پکڑو۔ ’’عن عكرمة رضى الله عنه عن ابن عباس رضى الله عنه قال: اذا سألتموني عن غريب القرآن فالتمسوه في الشعر فان الشعر ديوان العرب‘‘ (الاتقان)

کیا ان کے اشعار شراب نوشی‘ قمار بازی‘ عشق بازی‘ وستم گری اور سب وشتم وغیرہ نہیں ہیں، پھر وہ کونسی شئ ہے جس کی وجہ سے مفاسد ومعایب کو نظر انداز کر کے محض ان کی خوبیوں سے استفادہ کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسا شخص لازم قرار دے رہا ہے ’’فانه لايجرى على لسانه الا الحق ‘‘ یہی مزاج اسلام کا وہ نقطہ اعتدال ہے جو ہر مقام سے خوبیوں کے اخذ

کرنے اوران کے اختیار کرنے کا وسیع ظرف رکھتا ہے ’’خذ ما صفا و دع ما کدر‘‘

اسی طرح کے دلائل کی بناء پر قرون خیر سے اب تک علماء اسلام جاہلیت کے کلام کو پڑھنے اور پڑھانے اور حفظ کرنے کا اہتمام کرتے آئے ہیں۔عربی ادب کی مشہور کتاب ’’کلیلة و دمنة‘‘ جو نابغۂ روزگار عبداللہ بن المقنع کا ترجمہ کردہ ہے(۷۵۰ء یعنی دوسری صدی ہجری میں)اس کا اصل مصنف بیدپا فیلسوف ہندی ہے، جس نے سنسکرت زبان میں یہ کتاب اسلام سے کافی عرصہ قبل تصنیف کی ، اورعربی ادب کے مشہور قصائد سات شعرائے جاہلیت کا طرہ امتیاز جو سبعہ معلقات کی شکل میں مدارس عربیہ میں زیر درس ہیں اور’’دیوان متنبی‘‘ کونسے پارسا مسلم کی کتاب ہے۔اور پھراس کے اشعار عشقیہ،گل کاریوں اورسوقیانہ سب وشتم وغیرہ مضامین سے مملو ہیں،آخرکس بنیاد پرآج تک داخل نصاب ہے؟ یہیں سے وسائل و مقاصد دونوں کا فرق ظاہر ہوجاتا ہے کہ عربیت کے ان ذخیروں میں باوجودیکہ ان کے مضامین عقائد واخلاق اسلام کے خلاف ہیں،لیکن چونکہ یہ ذخیرہ الفاظ کے لغوی حقائق، مواقع استعمال، معانی کی تعبیرات، جملوں کی سجع اور بندش اور فصاحت و بلاغت کی معرفت میں مفید ہی نہیں ، بلکہ استناد کا درجہ رکھتے ہیں،اس لئے اسی حیثیت سے ان کو پڑھا اور پڑھایا جاتا ہے،قطع نظران کے مضامین سے۔

نیز علوم یونان فلسفہ ومنطق وغیرہ کو جب عربی میں نقل کرنے کا نظم کیا گیا تو بقول حضرت مولانا مناظر احسن گیلانی رحمہ اللہ (مفہوم یہی ہے)’’خلیفہ عباسی نے یونانی علوم پرمشتمل کتابوں کا ذخیرہ شاہ یونان سے طلب کیا تو اولا شاہ نے پس وپیش کیا،مگران کے بڑے عالم نے جب رائے دی کہ کتابیں ارسال کردی جائیں ، اس لئے کہ کتابوں کے جانے سے اتنا خوش نہیں ہیں جتنا اس بات سے خوش ہیں کہ ہمارے علوم میں ایسے نظریات

ہیں جو اسلام کے خلاف ہیں، وہ مؤمن کو شکوک وشبہات میں مبتلا کر دیں گے‘‘۔ اور حقیقت بھی یہی ہے کہ منطق وفلسفہ کی کوئی کتاب کلی کی بحث سے خالی نہیں، جس میں واجب الوجود کی مثال بھی دی جاتی ہے اور بعض دوسری بحثیں بھی ہیں، جن میں اسلامی عقائد سے تصادم ہوتا ہے۔ اور باوجود نافع ہونے کے اسلاف واکابر نے ان کی وجہ سے مخالفت بھی کی، لیکن چونکہ یہ بھی وسیلہ ہے اس لئے آج تک یہ فنون داخل نصاب ہیں، اور ہمارے ماہرین تعلیم نے ان علوم کے اس پہلو کو نظر انداز نہیں کیا جس سے دیگر علوم عالیہ وآلیہ میں دقیقہ رسی اور پختگی پیدا ہوتی ہے۔ کیا یہ سب محض اس لئے قابل برداشت ہیں کہ ان کتابوں کے مصنفین مسلمان ہیں اگرچہ ان میں اسلامی عقائد سے متصادم بحثیں بھی موجود ہیں۔ کیا ’’شرح تہذیب‘‘ شیعی تالیف نہیں ہے، مگر فنی اعتبار سے وسیلہ کے درجہ میں کتاب مفید ہے اس لئے داخل درس ہے۔

یہ تو خیر وسائل کا حال ہے، مقاصد میں سے ایک فن علم عقائد بھی ہے۔ اور اس پر لکھی گئی سینکڑوں کتابوں میں مشہور زمانہ شرح عقائد کی مقبولیت میں کس کو کلام ہے، عہد شارح سے آج تک مدارس میں الا ماشاء اللہ داخل نصاب ہے۔ کیا ان کی ابتدائی بحثیں حدوث عالم اور وجود باری وغیرہ ایسی نہیں ہیں جن میں قدم بقدم فلسفی نظریہ بھی موجود ہے۔ اور علامہ تفتازانی فلسفی نظریات کے دلائل کو اگر ضعیف کہتے ہیں تو متکلمین اسلام کے دلائل کو قوی بھی نہیں بتلاتے، اور بالآخر یہ کہہ کر بحث سمیٹ لیتے ہیں: ’’فان قیل ھل لھٰذا الخلاف ثمرۃ، قلنا: نعم فی اثبات الجوھر الفرد نجاۃ عن کثیر من ظلمات الفلاسفۃ ‘‘ کیا ظلمات فلاسفہ ظلمات نصاری سے کم ہیں، پھر اس کے داخل نصاب رہنے کی وجہ یہ تو نہیں کہ یہ مسلمان کی تصنیف ہے۔ پھر تو کوئی مبصر ایسا بھی کہے گا کہ شرح عقائد کو اس

لئے نکال دیا جائے کہ اس میں ایسی ایسی بحثیں ہیں۔ رائی کو پہاڑ بنا کر پیش کرے اور ان ابحاث کے کتاب میں مندرج ہونے کا منشا اور کتاب کے داخل نصاب رہنے کی وجہ سے پس پشت ڈال دے۔

بہر حال علم بلاغت بھی وسیلہ اور ذریعہ ہے، اس فن کی کتابوں میں جس کے لکھنے والوں میں بعض معتزلی، شیعی وغیرہ بھی ہیں۔

''سفینۃ البلغاء'' نامی ایک مختصر ومفید رسالہ جامعہ تعلیم الدین، ڈابھیل وغیرہ مدارس میں داخل نصاب ہے۔ جس کا مرتب 'بقول استاذ محترم مولانا فضل الرحمٰن اعظمی زید مجدہ تلمیذ محدث کبیر حضرت مولانا حبیب الرحمٰن الاعظمی رحمہ اللہ شاید عیسائی (یعنی مستشرق) ہے۔ اس خیال کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ ''معجم المطبوعات'' جلد اول میں مؤلف ''سفینۃ'' کے نام کے ذیل میں یہ عبارت ہے'' احد اخوۃ المدارس المسیحیۃ'' اور بس۔

اس کتاب پر جامعہ ڈابھیل کے ایک استاذ محترم نے تبصرہ (مشتمل بر سات صفحات) لکھ کر اہل علم کی خدمت میں پیش کر کے (ان کی) رائے طلب کی ہے۔ بندہ نے جب اس کا بنظر غائر مطالعہ کیا تو محسوس ہوا کہ اس تبصرہ میں اکابر علماء سے کچھ سوءظن اور جامعہ ڈابھیل پر ایک طرح کا الزام مترشح ہوتا ہے، اس لئے بندہ نے دونوں طرف سے دفاع کرتے ہوئے یہ ''احتساب'' پیش کیا ہے۔ اب صاحب تبصرہ کے اقتباس کو'' قولہ'' اور جواب کو''اقول'' سے پیش کیا جا رہا ہے۔

(ا): قولہ...... صاحب تبصرہ کا قول ''یہ کتاب نئے انداز' آسان ترتیب اور تمرینات کی کثرت وتنوع کی کثرت کے لحاظ سے آج کی عصری لادینی تعلیم کے ذوق ومزاج کے عین موافق ہے''۔ (صفحہ۲)

(۱): اقول ......کیا زمانہ کے تقاضہ کے اعتبار سے نیا انداز، سہل ترتیب اور تمرینات کی کثرت لادینی مزاج کا آئینہ دار ہے؟ بلاغت پر ایک سفینہ ہی کا کیا قصور ہے، اس نہج پر دوسرے علوم وفنون پر جو علمائے اسلام خدمت کررہے ہیں، اور علوم دین کی تیسیر وتسہیل میں مشغول ہیں، جو ''الدین یسر'' کے وسیع مفہوم میں شامل ہے، کیا یہ سب بھی لادینی ذوق ومزاج ہے؟ پھر ''البلاغۃ الواضحۃ'' وغیرہ کو کیا اسی زمرہ میں داخل کریں گے؟ علوم آلیہ ہی کی بات نہیں، علوم عالیہ میں بھی سہل طریقہ ہر زمانہ میں اختیار کیا گیا ہے۔

(۲): قولہ...... کیونکہ اس کے مصنفین غیر مسلم ہیں جو'' ان ھٰذا العلم دین فانظروا عمن تأخذون دینکم'' کے صریح خلاف ہے۔ (صفحہ۲)

(۲): اقول...... صاحب تبصرہ اس اثر کے لفظ'' عمن ''پر غور فرماتے تو ہرگز یوں نہ کہتے کہ (یہ سفینہ روایت کے) صریح خلاف ہے، کیونکہ اس کا صریح اور حقیقی مطلب یہ ہے کہ علوم شرعیہ اور تبعاً علوم آلیہ جس شیخ یا استاذ سے حاصل کرو انہیں دیکھو کہ وہ متدین ومتقی ہو، کہیں بے دین وبداخلاق نہ ہو۔

حضرات صوفیہ نے بھی اس روایت سے انتخاب شیخ پر استدلال کیا ہے، پس اگر جناب کی بات مان لی جائے تو قطع نظر مستشرقین کی تحقیقات سے ''البیان والتبیین'' امام جاحظ کی اور تفسیر کشاف امام زمخشری کی وغیرہ وغیرہ اس سے کیوں استفادہ جائز ہے؟ کیا یہ اثر کے مطابق ہیں؟ حالانکہ یہ دونوں خالص معتزلی العقیدہ ہیں۔ پس اگر منطق وفلسفہ یا ''سبعہ معلقہ'' و ''دیوان متنبیّ'' کسی متدین استاذ سے پڑھنا اثر مذکور کے خلاف نہیں تو ''سفینہ'' کا پڑھنا پڑھانا آخر کیوں اس کے خلاف ہوگیا؟

(۳): قولہ...... مثلاً خطبے میں'' الحمد للہ الذی خلق الانسان علی صورتہ کمثالہ ''

کے الفاظ سے اپنے مشہور عقیدہ حلول و تجسد کو داخل کر کے عیسائی عقائد کا پرچار کیا ہے،
حالانکہ ارشاد ربانی ''لیس کمثله شيء'' سے صاف متصادم ہے''۔ (صفحہ۲)

(۳): اقول ...... صاحب تبصرہ معلوم نہیں کس تصور میں محو تھے کہ انہیں مذکورہ عبارت سے عقیدۂ حلول و تجسد کی تشہیر نظر آ گئی، جب کہ ''علی صورته'' کی ضمیر انسان کی طرف راجع ہو تب تو کوئی خلجان نہیں، اور اگر اللہ کی طرف راجع کی جائے تو قابل اشکال ضرور ہے، لیکن تحت اللفظ بھی اس کا مفہوم لیا جائے جب بھی عقیدۂ حلول و تجسد قطعًا ثابت نہیں ہوتا، چہ جائے کہ اس کی تشہیر ہو۔ (کیونکہ دو چیزیں الگ الگ ہیں، (۱) اللہ کے لئے کوئی عضو یا جسم بجسم الانسان ماننا۔ (۲) کسی انسان کے الوہیت یا اس کے خواص کو ماننا)

جناب کو شاید معلوم نہ ہو ورنہ ''خلق الانسان علی صورته'' بخاری و مسلم میں موجود ہے۔ (دیکھئے! تفسیر قرطبی بحوالہ معارف القرآن)

اور ''خلق الله آدم علی صورته'' مسند احمد میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے موجود ہے۔ تشریح کے لئے فیض القدیر (ص ۴۴۵ رجلد۳) دیکھئے۔

انتباہ: ...... اس مذکورہ عبارت کے سوا پوری کتاب میں کوئی عبارت ایسی نہیں ہے کہ جس سے صراحتہً عقائد عیسائیت کی ترویج ہو، البتہ بعض تمرینوں میں بعض جملے ایسے ہیں کہ بغور دیکھا جائے تو اشارہ معلوم ہوتا ہے، بشرطیکہ ان کے عقائد کا علم بھی ہو، ورنہ بادی النظر میں وہ قاعدۂ ممثل لہ کی مثال ہے، اور طلبہ اتنا ہی سمجھتے ہیں اس سے زائد شاید و باید۔

(۴): قولہ) اس کا ایک پرانہ نسخہ جامعہ کے کتب خانہ میں موجود ہے، جو چھوٹی تقطیع میں باسٹھ (٦٢) صفحات پر مشتمل ہے، اس کے ہر صفحہ کے بورڈر میں اور دوسری متعدد جگہوں میں بیل بوٹوں' ڈیزائن وغیرہ تزئین کاری و آرٹ کے لبادے میں تثلیث و صلیب کو

گھسا کر عیسائی مشن کا حق ادا کیا ہے، جو ادنی تأمل سے صاف نظر آئے گا۔ (صفحہ۳)

(۴): اقول ......صاحب تبصرہ نے اس میں صریح مبالغہ آرائی سے کام لے کر اہل علم کے ذہن کو محو حیرت بنا دیا کہ ان عبارتوں کو پڑھ کر کوئی یہ سوچ سکتا ہے کہ جو ''سفینہ'' داخل درس ہے، اس میں یہ سارے مفاسد موجود ہیں، جب ہی تو تبصرہ کی ضرورت لاحق ہوئی۔ تو اب تک اتنے اکابر علماء ایسی صاف باتوں کو نہ سمجھ سکے؟ نیز جامعہ اس کی طباعت و تدریس کر کے ان خرافات کی گویا اشاعت کر رہا ہے، اور اب تک کسی نے گرفت نہیں کی؟ بتایئے یہ ایک طرح کا الزام ہے کہ نہیں؟ جس کا اندازہ تبصرہ پر لکھے گئے بعض تأثرات سے ہوتا ہے۔

میں بڑے وثوق سے کہتا ہوں کہ جامعہ تعلیم الدین ڈابھیل بفضلہٖ تعالیٰ ابتداء سے ہی صائب و صحیح عقائد کا حامل و داعی و اعلی و مہذب تعلیم اور عمدہ صالح تربیت کا علمبر دار رہا ہے، اور اکابر دیوبند کا جو قابل اتباع فکر و نظر اور محتاط عمل ہے، اس سے سر مو انحراف کے بغیر طریقہ مسنونہ محمودہ پر گامزن اور خاموش خادم ہے۔

(۵): قولہ......دوسرے قدیم نسخے میں ''حقوق الطبع محفوظة لاخوة المدارس المسيحية'' کی عبارت رقم ہے۔ (صفحہ۳)

(۵): اقول ......اس جملہ سے کونسے عقیدہ کی ترویج ہو رہی ہے؟ پھر تو مشہور مطبع نولکشور لکھنؤ کی شائع کردہ کتابوں کو غیر معتبر قرار دیں گے؟ غیر منقسم ہند میں کبھی صحاح ستہ اور دوسری بے شمار دینی کتابوں کا مشہور طابع نولکشور تھا۔ جو مذہبًا غیر مسلم تھا، لیکن اس کی صحت طباعت پر علمائے اسلام بمقابل دوسرے طابع کے زیادہ اعتماد کرتے تھے۔ نیز یہ عبارت بھی جامعہ کے مطبوعہ سفینہ میں نہیں ہے۔

پھر مؤلفین سفینہ کے نام ظاہر نہ کرنے اور مسلمانوں کا مسنون بسملہ نہ لکھنے (جب کہ نفس بسملہ موجود ہے) اور صلوۃ وسلام کے حذف کرنے کی عیسائیوں کی طرف سے محترم صاحب تبصرہ نے بزعم خویش جو ترجمانی کی ہے اس سے انکار نہیں اگر چہ اس جیسی مثال ہماری بعض کتابوں میں (جو داخل درس بھی ہیں مثلاً کافیہ میں) مل جائے گی، لیکن جس لفظ سے ان کے غلط عقیدہ کی ترویج ہوتی ہے اسے ذکر ہی نہیں کیا۔ تو اب کیا اشکال رہ جاتا ہے، اس لئے یہ کوئی عقیدہ کی کتاب نہیں ہے اور جس فن میں یہ ہے اس میں یقیناً عمدہ ہے۔

(۶): قولہ...... منجملہ ان کی عیاریوں کے ایک یہ شعر ہے:

لعمری، وماعمری علی بهین　　لقد نطقت بطلًا علی الاقارع

اقارع کے حاشیہ میں "الاقارع هم آل اقرع بن حابس مرثد اخیه" کے الفاظ کے ذریعہ ایک مشہور و معروف صحابی رسول اللہ ﷺ کی ہتک وحرمت کی کوشش کی گئی ہے۔ (صفحہ۴)

(۶): اقول ...... صنعت "اعتراض" کی مثال میں دوسری مثال کے ساتھ اس شعر کو پیش کرنے سے یہ کہاں لازم آتا ہے کہ ناقل ہتک بھی کر رہا ہے۔ ہتک کی نسبت قائل کے بجائے ناقل کی طرف کرنا عاقل کا کام نہیں، کیونکہ اس طرح کی مثال "مختصر المعانی" میں بھی مل جائے گی۔ ورنہ اس کے برعکس راقم ایک دوسرا شعر پیش کرتا ہے باعتبار وسائط کنایہ کی ایک قسم اشارہ وایماء ہے:

اومارایت المجد القی رحله　　فی آل طلحة ثم لم یتحول

اگر میں کہوں کہ اس شعر میں مؤلف آل طلحہ کی مدح ومنقبت بیان کر رہا ہے تو آپ کہیں گے کہ جب مرتبین عیسائی ہیں تو ان کو حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی منقبت و مدح سرائی سے کیا

مس؟

بات دراصل یہ ہے کہ مثال سے مقصود قاعدہ ممثل لہ کی توضیح ہے، اس لحاظ سے دونوں شعر (اپنی اپنی جگہ میں) منطبق ہیں، باقی مضمون کے اعتبار سے ایک میں منقبت اور دوسرے میں ہتک، سو! اس کا تعلق شاعر سے ہے نہ کہ ناقل سے۔

آگے صاحب تبصرہ نے ''سفینۃ البلغاء'' کے ''دروس البلاغۃ'' اور ''جواہر البلاغۃ'' سے مأخوذ ہونے کا دعوی کیا ہے۔ محض فقروں کے تطابق سے دعویٰ اخذ کرنا محتاج دلیل ہے، اور اخذ کرنا کیا عیب کی بات ہے؟

(۷): قولہ......خدا بھلا کرے دارالعلوم دیوبند کی نصاب کمیٹی کے رکن اساتذہ کا کہ انہوں نے ''مختصر المعانی'' سے قبل بطور تمہید اور زینہ اول کے اپنے نصاب میں ''دروس البلاغۃ'' جیسی مفید اور اہم کتاب کو دیر سویر مگر شامل فرمایا۔ فجزاهم الله احسن الجزاء۔ (صفحہ ۵)

(۷): اقول ......گویا صاحب تبصرہ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ ارباب جامعہ ڈابھیل (علامہ شبیر احمد عثمانیؒ، مولانا عبدالرحمٰن امروہیؒ، مولانا بدر عالم میرٹھی اور رکن شوریٰ مولانا علی محمد تراجویؒ) نے ''سفینہ'' جیسی کتاب داخل تو کی، مگر ان کی نظر مفاسد کی طرف نہیں گئی اور بعد کے اساتذہ بھی ان خرابیوں کی گرفت نہ کرسکے۔ ''وبطلانه ظاهر ''اس لئے کہ اگر واقعہ ایسا ہی ہوتا جیسا اور جتنا تبصرہ میں پیش کیا گیا ہے تو مجھے یقین ہے کہ گذشتہ اکابر بھی برداشت نہ کرتے جیسا کہ موجودہ اکابر نے صاحب تبصرہ کے ظاہری بیان پر اعتماد کرتے ہوئے اپنی آراء کا اظہار فرمایا۔ جس کا نمونہ پیش خدمت ہے:

......آپ نے ''دروس البلاغۃ'' بھی پڑھائی ہے اور دونوں میں جو موازنہ فرمایا ہے اس کی بنیاد پر......(تأثر بر تبصرہ)...

......مولانا موصوف نے چند سالہ تدریس کے بعد جو نقد تبصرہ کیا ہے اس پر اعتماد کرتے ہوئے (تأثر بر تبصرہ)......

الحمد للہ راقم الحروف کو بھی ''سفینہ'' ایک محقق باکمال استاذ حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب اعظمی زید مجدہ تلمیذ محدث کبیر حضرت مولانا حبیب الرحمٰن اعظمیؒ سے پڑھنے کا موقع ملا۔ اور بحمد اللہ پڑھائی بھی ہے۔ میں بھی اپنے اساتذہ سے علمی خوشہ چینی کی برکت سے کہتا ہوں کہ ''دروس البلاغۃ'' کی جتنی وجوہ ترجیح بیان کی ہیں ان میں سے نمبر ۳/۴/۵/تو وجوہ ترجیح ہے ہی نہیں، اور باقی میں جتنی معنویت ہے وہ بھی قارئین کے سامنے آجاتی ہے ان شاء اللہ۔ پھر ''سفینہ'' میں سوار ہونے کی وجہ بھی سمجھ میں آجائے گی۔ گو اس کا ناخدا مسلم نہیں ہے، کیونکہ منزل پر پہنچنا ہے۔

(۸): قولہ......وجہ اول تو یہ ہے کہ یہ کتاب ہماری اپنی ہے جب کہ وہ غیروں کی، (صفحہ ۵)

(۸): اقول......اس کے متعلق کلام شروع میں آچکا ہے۔

(۹): قولہ......(۲) وجہ دوم ''دروس البلاغۃ'' بمقابل ''سفینۃ البلغاء'' کے نہایت آسان ہے، اور ارشاد نبوی ﷺ ''یسرا ولا تعسرا بشرا ولا تنفرا'' کے عین مطابق ہے، جبکہ ''سفینۃ البلغاء'' زیادہ مشکل ہے، کیونکہ اس کی کوئی جامع ومکمل شرح نہیں جو اس کے مغلقات کو حل کر سکے اور اس کی تمرینات کے مراجع ومصادر کا حوالہ بھی نہیں دیا گیا ہے، حالانکہ اس سے سابقہ پڑتا ہے ایسے طلباء کو جو مبتدی ہیں اور ایسے اساتذہ کو جو نوخیز ونوآموز ہیں۔ (صفحہ ٦)

(۹): اقول......جناب محترم مبصر صاحب خود ''سفینۃ البلغاء'' کے آسان ہونے کو ابتداء میں تسلیم کر کے اسے لادینی تعلیم کے ذوق کا نتیجہ قرار دے چکے ہیں، اور اب یہاں ''دروس البلاغۃ'' کے آسان ہونے کو حدیث کے مطابق بتا رہے ہیں۔ ھٰذا الکلام ینقض بعضہ

بعضًا، گویا مطلب یہ نکلا کہ جو کتاب مشکل ہو وہ حدیث مذکور کے خلاف ہے، تو پھر کافیہ حدیث کے خلاف، شرح جامی حدیث کے خلاف وغیرہ۔ فیا للعجب۔

حدیث کا تعلق اصلاً وعظ ونصیحت یا طرز تبلیغ سے ہے، ورنہ تو جتنی کتابیں علی اختلاف الاستعداد مشکل کہلاتی ہیں سبھی حدیث کے خلاف ٹھیریں گی، پھر ''سفینہ'' کے مشکل ہونے کی عجیب علت بیان فرمائی کہ اس کی کوئی جامع ومکمل شرح نہیں ہے۔ (اور چونکہ ''دروس البلاغۃ'' کی کئی شرحیں معرض وجود میں آ چکی ہیں۔ ایک عربی میں مولانا فضل حق رامپوریؒ کی بقیہ اردو میں ہیں۔ اس لئے وہ آسان ہے) گویا جس کتاب کی شرح نہیں، بلکہ محتاج شرح ہو وہ مشکل ہے، اگر یہی بات ہے تو ''دروس البلاغۃ'' کی شرح لکھ کر اس کے مشکل ہونے کا پتہ دیا جبکہ دعوی یہ ہے کہ نہایت آسان ہے، پھر شرح کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی؟ اور اگر صاحب تبصرہ ہی ''سفینہ'' کی جامع ومکمل شرح کر دیتے تو اشکالات ہی رفع ہو جاتے۔

(۱۰): قولہ...... (۳) تیسری وجہ یہ ہے کہ حل مغلقات کے لئے ان مدرسین میں اگر مطلوبہ حوصلہ وجذبہ ہے بھی تو مدارس کے کتب خانوں میں امہات فن کی (کتابوں کی) قلت ان کی راہ میں حائل ومانع بن جاتی ہے۔ (صفحہ ۶)

(۱۰): اقول ...... یہاں صاحب تبصرہ ضمنًا یہ دعوی کر رہے ہیں کہ ''سفینہ'' کے پڑھانے والوں میں حل کرنے کا حوصلہ وجذبہ نہیں ہے۔ یہ قضیہ خود کتنا ہی مبنی بر حقیقت ہے اہل علم فیصلہ کریں، اور اگر ہے بھی تو ''مدارس کے کتب خانوں میں امہات فن کی کتابوں کی قلت'' یہ بھی محض دعوی ہے۔ کوئی مخصوص یا چھوٹے کتب خانوں کے متعلق دعوی کرے تو شاید درست ہوتا، آیا سارے ہی مدارس کے کتب خانے قلت کا شکار ہیں؟ کوئی کسی کتب خانہ

سے نالاں ہو۔ ممکن ہے، لیکن جہاں ہر فن کی کتابیں معتد بہ مقدار میں موجود ہوں مثلاً جامعہ ڈابھیل میں، وہاں اگر میں یہ کہوں تو شاید بے جا نہ ہوگا کہ کتب خانہ ہی ایسے لوگوں سے شاکی رہا جنہوں نے اس سے پورا استفادہ نہیں کیا۔

کیا عربی ادب پر قدیم کتابوں کا ذخیرہ جو بلاغت کا مأخذ و مصدر رہے، بلکہ فن ھذا پر ہی امام جاحظ، ابن قتیبہ، زمخشری اور سکاکی وغیرہم کی کتابیں نہیں ہیں؟

(۱۱): قولہ...... (۴) چوتھی وجہ ''سفینہ'' میں متعدد جگہ ایسے سوالات بھی پوچھے گئے ہیں جن کے اسباق بھی دس بیس صفحات کے بعد آنے والے ہیں، اس میں کہاں تک معقولیت ہے'' ؟(صفحہ ۶)

(۱۱): اقول ...... بر سبیل تسلیم ھٰذا تشحیذ اذہان کا مفہوم اگر معلوم ہے تو پھر ان کی تیسری وجہ میں بھی معقولت نہیں ہے۔

(۱۲): قولہ...... (۵) پانچویں وجہ: بعض اسئلہ ایسے مسائل وقواعد کے متعلق بھی ہیں جن کا ذکر پوری کتاب میں کہیں نہیں ہیں، فی الواقع یہ سوالات مطولات فن کے ہیں جن کو بے سوچے سمجھے نقل کر دیا گیا ہے۔ نقل را چہ عقل۔

(۱۲): اقول ...... اولاً یہ بھی بے سوچے سمجھے دعوی ہے کہ بعض سوالات ایسے ہیں کہ ان کا قاعدہ پوری کتاب میں ہے ہی نہیں، ہاں ایسا ہوسکتا ہے کہ کوئی سوال قاعدہ مذکورہ فی المبحث سے متعلق نہ ہو، لیکن سرے سے جملہ مباحث سے متعلق نہ ہو، دعوی بلا دلیل ہے۔

پھر اس طرح کرنا دراصل طالب بلاغت میں ارتقائی صلاحیت بیدار کرنا اور فنی اعتبار سے استعداد و مناسبت پیدا کرنا ہے۔

(۱۳): قولہ...... (۶) چھٹی وجہ یہ ہے کہ ''دروس البلاغۃ'' میں بمقابلہ ''سفینۃ البلغاء'' کے

مسائل بلا شبہ بہت زیادہ ہیں، دونوں کی فہرست مضامین پر ایک طائرانہ نظر ڈالنے سے یہ بات بہت جلد واضح ہو جائے گی۔(صفحہ۶)

(۱۳):اقول ...... لیجئے ہم نے اصل کتاب ''دروس البلاغۃ'' پر ہی ورقًا ورقًا طائرانہ نہیں، بلکہ سائرانہ نظر ڈالی، بلکہ ''سفینہ'' کے ساتھ مقابلہ بھی کرتے چلے گئے، تو ہم نے مذکورہ تحریر کے خلاف پایا۔ وہ یہ ہے کہ معانی و بیان کے مباحث تو دونوں میں مکمل ہیں، البتہ بعض جگہوں میں اجمال وتفصیل کا فرق ہے۔مثلاً ''تعریف وتنکیر'' کی بحث اور ''اطلاق وتقیید'' کی بحث میں ''دروس البلاغۃ'' میں تفصیل ہے،اور ''سفینہ'' میں اجمال ہے، اور جیسے ''استعارات'' کی بحث میں بمقابلہ ''دروس البلاغۃ'' کے ''سفینۃ البلغاء'' میں تفصیل ہے۔ اور ''علم بدیع'' میں تقریباً تمام اقسام دو چند کے فرق کے ساتھ دونوں میں موجود ہیں۔اور ''خلاف مقتضی الظاہر'' کی جو مثالیں ''دروس البلاغۃ'' میں زائد معلوم ہو رہی ہیں وہ ''سفینۃ البلغاء'' میں ''علم بدیع'' میں ملیں گی۔

(۱۴): قولہ......(۷) ساتویں وجہ یہ ہے کہ'' دروس البلاغۃ'' میں قرآن کریم کے شواہد وامثلہ کی بہتات ہے،اوراس سے ایک دینی مدرسہ کے طالب علم کی غرض وابسطہ ہے۔
(صفحہ۶)

(۱۴):اقول ...... یہ وجہ یقینًا صحیح ہے کہ سفینہ کے مقابلہ میں دروس میں امثلہ قرآن کے زائد ہیں،لیکن دیگر کتب بلاغت کی طرح اس میں معروف مثالیں کلام عرب سے ہی پیش کی گئی ہیں۔جیسا کہ اس کے برعکس ''سفینہ'' میں امثلہ وشواہد زیادہ تر کلام عرب سے پیش کئے گئے ہیں،لیکن قرآن کی مثالیں بھی بالضرور موجود ہیں، اس کی وجہ قطع نظر اس کے مؤلف سے یہ ہے کہ وسائل میں سے کسی فن کی کتابوں میں قواعد کے لئے استدلال و

استشہاد قدیم کلام عرب سے پیش کیا جاتا ہے اس لئے کہ فہم معانی کے لئے ان کے کلام کو حجت قرار دیا گیا ہے۔ نیز قاعدہ پر اشکال وجواب، دخل ودفع اور رد وقدح سے قواعد کی جو تنقیح کی جاتی ہے اس کے لئے قرآن کا ادب ذرا مانع بنتا ہے کیونکہ قرآن اللہ کا کلام ہے جو اگرچہ قواعد عرب کے مطابق ہے لیکن خود اس کا تابع ہرگز نہیں ہے، اسی لئے بعض مواقع عام عربی قواعد سے بالاتر بھی ہے۔

(۱۵): قولہ...... الغرض جب کہ ایک طرف مؤلف اپنی کتاب کے مقدمہ میں "طلب الی ان اضیف الی مصنفاتی کتابًا فی البلاغة یغنیه عما سواه من کتب وضعها القوم فأتیت بهذه الخلاصة" الخ (ص ۷)

(۱۵): اقول ...... مؤلف کے طرز تالیف سے اس کا اپنا یہ تصور ہے کہ طالب بلاغت کے لئے ضرورت کے درجہ میں یہ رسالہ کافی ہوگا، اسے بقدر ضرورت معلومات کے لئے مطولات کے کھنگالنے کی حاجت نہیں آئے گی۔ باقی جو شخص اتقان واستحکام اور زیادت کا طالب ہو وہ فن کی دوسری چھوٹی بڑی کتابوں سے کب مستغنی ہوسکتا ہے جیسا کہ دوسرے فنون کے مؤلفین میں بھی اس طرح ہوا کرتا ہے۔ مثلا صاحب علم الصیغہ نے بھی اس طرح کی بات لکھی ہے، اس لئے یہ عبارت کوئی موجب اشکال نہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ جامعہ نے جو نسخہ طبع کرایا ہے اس میں مذکورہ عربی عبارت بھی نہیں ہے، پھر خدشہ کی کیا بات ہے؟

الغرض کسی زمانہ میں لوگ مطول کو بآسانی حل کر لیتے تھے لیکن مصنف ہی کے زمانہ میں اتنا فرق آ گیا کہ صاحب مطول کو "مختصر المعانی" لکھنی پڑی، جس نے بلاغت کی دنیا میں وہ قدم جمایا کہ آج تک تعلیماً وتعلماً اس سے استفادہ کیا جا رہا ہے۔ شرح وتحشیہ سے اس کی

مختلف خدمتیں کی جارہی ہیں، لیکن استعداد کی کمزوری نے اسی ''مختصر المعانی'' کو جب مطول کے قائم مقام سمجھ لیا تو علماء اسلام اور اکابر امت نے ضرورت محسوس کی کہ اس فن پر کوئی چھوٹا سا رسالہ جو فن کے بنیادی مباحث پر مشتمل ہو، اسے بطور تمہید داخل نصاب کیا جائے تاکہ مختصر المعانی کا سمجھنا سہل ہو جائے۔ اسی زمانے میں یعنی انیسویں صدی کے اواخر اور بیسویں صدی کے اوائل میں سہل، جدید اور مفید انداز میں نحو، صرف، ادب و بلاغت وغیرہ علوم پر بیسیوں کتابیں معرض وجود میں آئیں، چنانچہ فن بلاغت پر مشتمل متعدد کتابوں میں انتخاب کی ضرورت پیش آئی کہ کتاب سہل العبارت ہونے کے ساتھ نہ بہت مجمل ہو کہ الغاز (چیستاں) بن جائے اور نہ ہی اس میں تطویل ہو، نیز اس سے معیار تعلیم بھی بلند رہے ان امور کا لحاظ رکھتے ہوئے ارباب نظر کی نظر انتخاب ''سفینۃ البلغاء'' پر پڑی جو کامل، مفید اور دلچسپ ثابت ہوئی، جو ۶۵/سال سے جامعہ میں داخل درس ہے۔ (روداد جامعہ اردو ۱۳۵۵ھ) کیونکہ:

(۱)...... کتاب کا ہر مبحث سہل انداز میں پیش کیا گیا ہے جس سے قواعد کا ذہن نشین کرنا آسان ہے۔

(۲)...... قواعد کے امثلہ وشواہد زیادہ تر اشعار قدیمہ اور جملوں سے بھی پیش کئے گئے ہیں۔

(۳)...... ہر سبق طالب کے ذہن میں جاگزیں ہو جائے اس کے لئے ہر مبحث کے آخر میں سوالات دئے گئے ہیں، درس کے بعد اسئلہ کی افادیت کا کون منکر ہو سکتا ہے، پھر سوالات بھی مختلف ڈھنگ سے کئے گئے ہیں، یہ خود بھی طالب کے لئے ذہن کشا ہے۔ جبکہ ''دروس البلاغۃ'' میں سوالات کا خانہ ہی نہیں ہے، لیکن اس کے مفید ہونے کی وجہ سے صاحب دروس البلاغۃ کو خاتمہ میں یہ ''ینبغی للمعلم ان یناقش تلامذته فی مسائل کل

مبحث شرحه لهم من هٰذا الباب ليتمكنوا من فهمه جيدًا ، فاذا راى منهم ذالک سألهم مسائل اخرى يمكنهم ادراكها مما فهموه'' لکھ کر معذرت کرنے پڑی۔

(۴)......اسئلۃ کے بعد تمرینات ہیں۔سبق کے بعد تمرین کا ہونا جس سے قواعد کا اجراء ہو جائے کس قدر اہم ہے، وہ ماہر تعلیم پر عیاں ہے۔

(۵)......پھر تمرین دو طرح سے پیش کی ہے: ایک نثر میں اور ایک نظم میں، جس کے حل کرنے سے عربیت کا ذوق ابھرتا ہے، نیز تمرین اول عرب کے قدیم و جدید محاوروں اور امثال پر مشتمل ہے جس سے عربی معلومات میں اضافہ ہوتا ہے۔اور تمرین ثانی میں مختلف مذاق کے اشعار ہیں، جو دلچسپ ہیں۔جبکہ ''دروس البلاغۃ'' دامن تمرین سے عاری ہے۔ جب اسئلہ وتمارین کے ہوتے ہوئے اس سے پہلو تہی کی جاتی ہے تو جس کتاب میں سرے سے تینوں نہ ہوں، اس میں طلبہ کی نفع رسانی کے لئے کتنی زحمت گوارہ کریں گے۔ یہ تو وقت بتائے گا۔

(۶)......ان تمارین میں بعض احادیث اور سلف کے اقوال، بلکہ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کے اشعار بھی ہیں۔

(۷)......جگہ جگہ بحث سے متعلق مستقل اہم فوائد اور تنبیہات وغیرہ موجود ہیں، یہ چیز بھی ''دروس البلاغۃ'' میں نہیں ہے جیسا کہ خود اس کے مؤلف نے اپنے مقدمہ میں لکھا ہے،

(۸)......بعض وجوہ احتساب کے ضمن میں آ گئے ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ جس زمانہ میں جن اکابر نے ''سفینۃ'' کو داخل نصاب کیا اور اب تک پڑھتے پڑھاتے چلے آ رہے ہیں وہ نسخہ صاحب تبصرہ کے بیان کردہ آلائشوں سے صاف ہے۔اور جو چیز موجب خلجان ہے اس کی حقیقت واضح کر دی گئی۔اور مذکورہ بالا خصوصیات

کی وجہ سے ہنوز نا قابل فہم بھی نہیں ہے کہ نصاب سے خارج کرنے کا مشورہ اور رائے طلب کی جائے اور جب قوی اتنے کمزور ہوجائیں کہ سفینہ میں سوار نہ ہو سکے تو میرا خیال ہے کہ شاید دروس میں حاضری بھی مشکل ہوجائے گی ۔ بلکہ زمانہ کے تقاضہ کے اعتبار سے کسی اور شئ کا انتظام کیا جائے گا۔ واللہ المستعان وعلیہ التکلان

رشید احمد فریدی

مدرس مدرسہ مفتاح العلوم تراج

۱۲ر صفر ۱۴۲۱ھ

راقم کا مختصر عریضہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محترم مولانا رشید احمد صاحب مدظلہم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کے دو گرامی نامے سفینہ پر دروس کی فوقیت کے سلسلہ میں موصول ہوئے تھے، اسی وقت چند باتیں جواباً ذہن میں آئی تھیں، مگر جواب دینا اس لئے نامناسب لگا کہ میں آپ کی رائے سے پورے طور پر متفق نہ تھا، اور اپنی رائے کے اظہار میں سفینہ کی فوقیت کا اظہار لازم آتا تھا اور چونکہ میں سفینہ پر کچھ شرح وحاشیہ کا کام کر چکا تھا، چونکہ اس میں اپنی کاوش کی من وجہ بڑائی پائی جاتی تھی، اب جبکہ سفینہ کی شرح دوسری مرتبہ طباعت کے لئے تیار ہے تو مناسب سمجھا کہ چند باتیں عرض کردوں، اس لئے کہ اکثر باتیں، مفتی رشید صاحب کے احتساب اور حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدظلہم کے گرامی نامہ میں آچکی ہیں۔

یہ میری رائے ہے ضروری نہیں آپ یا ناظرین اس سے اتفاق فرمائیں۔

نمبرات میں آپ کی رائے لکھ کر ''ج'' سے اپنی بات عرض کروں گا۔

(ا)......مگر اس کی بعض باتیں ہماری خالص اسلامی فکر اور ٹھیٹ دینی عقیدے سے ہم آہنگ نظر نہیں آرہی ہیں۔

(ج)......بعض باتیں تو ہماری کتابوں میں بھی خالص اسلامی فکر اور ٹھیٹ دینی عقیدے سے ہم آہنگ نظر نہیں آرہی ہیں، جیسے امام طحاوی رحمہ اللہ نے اپنی معرکۃ الآراء اور مشہور زمانہ کتاب ''معانی الآثار'' میں حضرت اسحاق علیہ السلام کے متعلق ذبیح ہونے کی روایت

نقل فرمائی ہےاوراس پرکوئی کلام تک نہیں فرمایا۔کیاہمارایہ عقیدہ ہے کہ حضرت اسحاق علیہ السلام ذبیح ہیں؟ یہ عقیدہ تو خالص یہودیت کا ہے۔کیااس کی وجہ سے ''طحاوی شریف'' بھی درس سے نکال دی جائے گی۔

''وفدی اسحق عند الظهر فصلى ابراهيم عليه السلام اربعا فصارت الظهر''

(طحاوی ص۱۲۹،باب الصلوۃ الوسطی ای الصلوات)

اسی طرح صاحب جلالین نے''تلك الغرانيق العلى ''جیسی موضوع ومن گھڑت روایت نقل کی ہے۔کیااس روایت سے رسالت کی عظمت وعصمت پرغلطی کا شبہ نہیں ہوتا، اب کیا''جلالین'' کے لئے بھی یہ تحریک چلائی جائے گی کہ اسے نصاب سے خارج کر دیا جائے۔

اس کی بکثرت مثالیں پیش کی جاسکتی ہیں،طوالت کے خوف سے ترک کرتا ہوں۔

(۲)......وجہ اول تو یہ ہے کہ یہ کتاب ہماری خود اپنی ہے،جبکہ وہ غیروں کی۔

(ج)......''متنبّی''و''حماسہ'' کا ذکرآچکا ہے۔''المنجد'' سے علماءدیوبند میں سے شاید کوئی ہو جواستفادہ نہ کرتا ہو۔کیاہمارے مسلمان مصنفین کی کوئی مفیدوکامل لغت نہیں؟

مستشرقین کی ایک جماعت نے''ڈاکٹر وینسنک'' کی سربراہی میں سات ضخیم جلدوں پر مشتمل ایک مفصل کتاب مرتب کی ہے،جس کا نام ہے''المعجم المفهرس لا لفاظ الحديث النبوى ''،جس میں انہوں نے صحاح ستہ،مؤطاامام مالک،سنن دارمی اورمسند احمد کی احادیث کی فہرست مرتب کی ہے،اوراس کا طریقہ یہ ہے کہ حروف تہجی کے حساب سے انہوں نے ہرلفظ کے تحت یہ بیان کیا ہے کہ یہ لفظ کون سی حدیث میں آیا ہےاوروہ حدیث کہاں کہاں مذکور ہے،البتہ اس کتاب میں یہ لوگ احادیث کے استیعاب پر قادرنہیں

ہو سکے بلکہ بہت سی احادیث چھوٹ گئی ہیں، پھر اسی کتاب کی ایک تلخیص ''وینسنک'' ہی نے ''مفتاح کنوز السعادۃ'' کے نام سے شائع کی ہے جو مختصر ہونے کی وجہ سے انتہائی مفید ہے اور ہر طالب علم کے لئے ناگزیر ہے۔ (درس ترمذی)

ذرا غور کیجئے! غیر کی کتاب کے بارے میں حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم کیا فرماتے ہیں ''ہر طالب علم کے لئے ناگزیر ہے''۔

(۳)......ارشاد نبوی ''یسرا ولا تعسرا ' بشرا ولا تنفرا '' کے عین موافق ہے جبکہ ''سفینۃ'' زیادہ مشکل ہے۔

(ج)......''یسرا ولا تعسرا ' بشرا ولا تنفرا'' کی وجہ سے داخلِ نصاب کی کئی کتابیں خارج نصاب کرنی پڑیں گی؟ کیا: کافیہ' شرح جامی' بیضاوی' مختصر المعانی' حسامی' سب آسان ہیں؟

(۴)......ساتویں وجہ یہ ہے کہ ''دروس البلاغۃ'' میں قرآن کریم کے شواہد وامثلہ کی بہتات ہے، اور اسی سے ایک دینی مدرسے کے طالب علم کی غرض وابستہ ہے۔

(ج)......سفینہ میں بھی قرآن کریم کی آیات واحادیث نبوی ﷺ کئی جگہوں پر استدلال میں پیش کی گئی ہیں۔

(۵)......الفاظ سے اپنے مشہور عقیدہ........کا پرچار کیا۔

(ج)......سفینہ میں بے شمار مثالیں اور عبارات ایسی بھی ہیں جن میں خالص توحید بیان کی گئی ہے۔ مثلاً ''ان الرب الٰہ عظیم ' الاذن تسمع ' والعین تبصر ' والرب صنع کلتیھما' قال الجاھل فی قلبہ : لیس الہ' ان للرب الارض وملأھا' الا کل شئی ماخلا اللہ باطل' الرب اعطی والرب اخذ ، فلیکن اسم الرب مبارکا''

آپ کے تبصرہ کو پڑھ کر ایک صاحب نے یہاں تک کہہ دیا کہ اس سے طالب علم عیسائی مذہب سے متأثر ہوسکتا ہے اور گمراہی کا خطرہ ہے۔

(ج)......سوال یہ کہ اب تک کتنے طلباء اس کتاب کو پڑھ کر عیسائی ہوئے، یہ سب رجما بالغیب باتیں ہیں۔

کیا کئی ندوی علماء وفضلاء، مودودی وغیر مقلد نہ بنے؟ کیا انہوں نے ندوہ میں کوئی ایسی ہی کتاب پڑھی ہے؟ ان کے ان عقائد سے متأثر ہونے میں ندوہ کے نصاب کا کیا قصور۔

مولوی روشن خان، مولوی سرور الدین، دونوں قاسمی ہیں، مگر عقائد قادیانی سے نہ صرف متأثر ہوئے بلکہ قادیانی ہوکر ہی رہیں۔ ثناء اللہ امرتسری دیوبند کا فاضل تھا، مگر کیا بنا؟ تفصیل کے لئے دیکھئے! ''عذاب اللہ علی ثناء اللہ'' اور ''فتح مکہ'' اور ''فیصلہ مکہ''۔

ڈاکٹر عثمانی فاضل بنوری ٹاؤن و وفاق المدارس، نے ''گھر کے چراغ''، لکھی جو حضرت بنوری رحمہ اللہ کے خلاف واہی تباہی باتوں کی بھرمار سے بھری ہوئی ہے۔ ان حضرات نے تو ''سفینہ'' پڑھی بھی نہیں۔

حضرت مولانا! اب زمانہ یہ آگیا ہے اپنی رائے پر اس قدر زور کہ سارے میری ہی رائے مانے، اس لئے اپنی تحقیق و رائے کا ایک بار اظہار کرلے پھر اس پر اس قدر اصرار کے سارے ہی میری رائے سے متفق ہوں، اس نظریہ کے اصلاح کی ضرورت ہے۔

یہ چند باتیں جلدی میں عرض کردی گئی ہیں، امید کہ کوئی بات آپ کی شان کے خلاف آگئی ہو تو دل سے معاف فرمادیں گے۔ میری اس تحریر پر آپ مواخذہ بھی فرمائیں گے تو آئندہ کوئی جواب یا رائے سے معذور ہوں۔ فقط

مرغوب احمد لاجپوری

’’تحفۃ الطلباء شرح سفینۃ البلغاء‘‘ پر ماہنامہ ’’ریاض الجنہ‘‘ کا تبصرہ

تبصرہ از: مولانا عبد الرشید قاسمی

’’تحفۃ الطلباء شرح سفینۃ البلغاء‘‘

نام کتاب:	’’تحفۃ الطلباء شرح سفینۃ البلغاء‘‘ ....
جزءاول:	شارح: مولانا مرغوب احمد صاحب لاجپوری ....
جزء ثانی:	شارح: مولانا ثمیر الدین صاحب قاسمی ....
قیمت:	۶۰؍روپئے ....
صفحات:	۲۳۳؍ ....
مجلد:	جلد دیدزیب ....

کوئی بھی زبان ہواس کے لئے فصاحت و بلاغت ایک قیمتی چیز ہے، جس سے جہاں ایک طرف متکلم کی بات صاف صاف سمجھ میں آجاتی ہے وہیں سننے والوں پر متکلم کی ذات بھی مؤثر ہوتی ہے، اورکلام کا مطمح نظر بھی یہی ہوتا ہے ؎

سمجھ میں صاف آجائے فصاحت اس کو کہتے ہیں
اثر ہو سننے والے پر بلاغت اس کو کہتے ہیں

انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام کو اللہ تعالی نے دعوت و اصلاح کے لئے مبعوث فرمایا، اسی کے ساتھ ہر ایک کو زمانۂ حال کے مطابق معجزات سے بھی سرفراز کیا تا کہ منکرین پر حجت قائم ہوجائے ، خاتم المرسلین ﷺ کے زمانہ میں فصاحت و بلاغت بام عروج پر پہونچی ہوئی تھی، اسی لئے اللہ نے آپ کو فصاحت و بلاغت کے انتہائی اعلی درجہ پر فائز فرمایا

عرب کے فصحاء و بلغاء جن کو اپنی فصاحت و بلاغت پر بہت فخر تھا' انگشت بدنداں ہوگئے۔ ایسے ہی مواقع پر جناب رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ((ان من البیان لسحرا))

آپ ﷺ کی بعثت جب ہوئی ہے اس وقت عربوں کا سکۂ رائج الوقت فصاحت و بلاغت تھی، اس لئے پروردگار عالم نے قرآن کریم جیسا کلام معجز عطا فرمایا، اور خود آپ ﷺ کو عربوں میں سب سے بڑا فصیح و بلیغ بنا دیا، آپ نے فرمایا: ((انا افصح العرب ' بید انی من قریش))

علوم بلاغت کی پہلی تصنیف جعفر بن یحی برمکی کی ہے، متوفی ۱۸۷ھ۔ آپ کے بعد علامہ جاحظ متوفی ۲۵۵ھ کی معرکۂ آراء تصنیف '' البیان والبنین'' منصۂ شہود پر آئی، مگر ان کتابوں کو درس نظامیہ میں وہ مقام نہیں مل سکا جو ابو یعقوب سکاکیؒ کی '' مفتاح العلوم'' اور علامہ جلال الدین قزوینی کی '' تلخیص المفتاح'' اور علامہ تفتازانی کی '' مختصر المعانی'' کو ملا، جو کم از کم برصغیر کے اکثر مدارس میں داخل نصاب ہیں۔ یہ تصانیف آٹھویں صدی میں معرض وجود میں آئیں تھیں۔

ادھر چند سالوں میں تبدیلی نصاب کی تحریک نے زور پکڑ لیا، کچھ اصحاب قلم نے حالات زمانہ کے مطابق '' البلاغۃ الواضحۃ' دروس البلاغۃ'' اور '' سفینۃ البلغاء'' کی تصنیف فرمائی۔ '' سفینۃ البلغاء'' چند قلم کاروں کی کوشش کا سرمایہ ہے، جو غالبا عیسائی تھے، کیونکہ مقدمہ نگار حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب اعظمی نے لکھا ہے کہ اس کا قدیم نسخہ مصر کے عیسائیوں کے مدرسہ کا چھپا ہوا ہے۔ یہ کتاب جامعہ ڈابھیل سملک گجرات میں ۱۳۵۷ھ میں داخل نصاب کی گئی تھی، اس وقت سے جامعہ کے نصاب میں ہے، اس کی دوبارہ طباعت جامعہ نے مئو سے کرائی ہے۔ افادیت کے خاطر '' مختصر المعانی'' سے پہلے پڑھائی

جاتی ہے۔مقدمہ نگار نے یوں تعریف فرمائی ہے:

’’واقعۃً اگر اس کی تمرینات کو اچھی طرح حل کیا جائے اور کرایا جائے تو بہت مفید کتاب معلوم ہوتی ہے، لیکن اس کتاب کے حل کے لئے اب تک کسی دلیل اور راہبر یا شرح کا علم نہیں، اس لئے اس کی ضرورت تھی کہ اس کی کوئی شرح لکھے، مجھ سے بھی بعض شاگردوں نے اس کا مطالبہ کیا، اس لئے کہ میں نے بھی یہ کتاب کئی سال جامعہ ڈابھیل میں پڑھائی تھی، لیکن مجھے اس کا موقع نہیں مل سکا۔ یہ سعادت کچھ اور لوگوں کے حصہ میں تھی‘‘۔

یہ شرح دو عالموں کی محنت کا ثمرہ ہے۔علم معانی کا حصہ مولانا مرغوب احمد صاحب لاجپوری کا لکھا ہوا ہے۔موصوف گجرات کے سابق مفتیٔ اعظم حضرت مولانا مفتی مرغوب احمد صاحب لاجپوری رحمہ اللہ کے پوتے ہیں، اور آپ نے جامعہ ڈابھیل سے کسب فیض کیا ہے۔علم بیان اور علم بدیع والا حصہ مولانا ثمیر الدین صاحب کی قلمی کاوش کا نتیجہ ہے۔

دونوں مؤلفوں نے بڑی جانفشانی اور قلبی لگاؤ سے کتاب کو حل کرنے کی کوشش کی ہے، صاف شستہ زبان میں ترجمہ ہوا ہے، پھر سونے پر سہاگہ یہ ہوا کہ دونوں نے طباعت سے پہلے اپنے مربی اور استاذ مولانا فضل الرحمٰن صاحب اعظمی مدظلہ کی خدمت میں کتاب کا مسودہ پیش کیا، مولانا نے حرفاً حرفاً پڑھا اور اصلاح بھی فرمائی، اس طرح شرح بھی لفیف من الاساتذہ ہوگئی۔ اللہ تعالی شرح کو قبولیت عامہ اور افادہ عامہ سے نوازے۔طلبہ ہی نہیں بلکہ اساتذہ کے لئے بھی مفید ہے۔طباعت بھی عمدہ ہوئی ہے۔کاغذ بھی اعلی درجہ کا استعمال ہوا ہے۔ٹائٹل بھی دل کش، جلد سازی بھی اچھی۔کتاب تعریف سے بالاتر ہے۔ پڑھنے اور استفادہ کرنے سے تعلق رکھتی ہے۔(ماہنامہ ’’ریاض الجنۃ‘‘ ستمبر ۱۹۹۷ء۔ص ۴۳و۴۴)